آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز پیر 18 مئی 2020ء بمطابق 24 رمضان المبارک 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 139

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر صبح	04:15
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	07:27

مودی کشمیر میں ریاستی دہشتگردی سے توجہ ہٹانے کی کوشش کر رہا ہے، وزیراعظم

کشمیری نوجوانوں کو قید اور مواصلاتی رابطے ختم کر کے مقبوضہ کشمیر کو دنیا سے الگ کر دیا گیا ہے، مودی کشمیریوں کے حق خودارادیت کو دہشتگردی کی اعانت سے جوڑنے کی کوشش کر رہا ہے

مسلمان کی قوت اسکا ایمان ہے، اللہ کی رضا اور ثواب کی خاطر رکھے گئے روزے، ربِ کریم کی طرف سے ہمارے تمام پچھلے گناہوں کی بخشش کا وعدہ ہیں

کشمیر سے توجہ ہٹانے کیلئے بھارت جھوٹے فالیگ آپریشن کی تیاری میں مصروف ہے، مودی سرکار کشمیری بچوں اور عورتوں پر پیلٹ گنز جیسے ہتھیار استعمال کر کے غیر انسانی سلوک کر رہی ہے، عمران خان کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے دنیا کو متنبہ کیا ہے کہ مقبوضہ کشمیر سے توجہ ہٹانے کیلئے مودی سرکار فالس فلیگ آپریشن کی تیاری میں مصروف ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹویٹر پر جاری اپنے بیان میں وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ بھارتی ہندو انتہا پسند تنظیم آر ایس ایس سے متاثر نریندر مودی کا مقبوضہ کشمیر سے متعلق نظریہ واضح ہو چکا ہے، انہوں نے غیر قانونی طریقے سے قبضہ کر کے کشمیریوں کو حق خود ارادیت سے محروم کیا۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ مودی سرکار کشمیری بچوں اور عورتوں پر پیلٹ گنز جیسے ہتھیار استعمال کر کے غیر انسانی سلوک کر رہی ہے، غیر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل بلوچستان کے منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

میرے خلاف چند بونے میڈیا میں پروپیگنڈہ میں مصروف ہیں

فردوس عاشق

عمران خان کے مسیح آنے کے بعد خاموش رہی، چند بونوں کے بیانات کا وزیراعظم نوٹس لیں مجبور کیا گیا تو جواب دوں گی، صحافیوں سے گفتگو

سیالکوٹ (آن لائن) سابق مشیر وزیراعظم اطلاعات نشریات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ میرے خلاف چند بونے میڈیا کے اندر پروپیگنڈہ میں مصروف ہیں جن کیخلاف عید کے بعد قانونی کارروائی کروں گی، اتوار کے روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کورونا کیسز کی تعداد چالیس ہزار سے تجاوز، جاں بحق افراد کی تعداد 873 ہو گئی

نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے کورونا کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں مزید 1352 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، سندھ میں کورونا کیسز کی سب سے زیادہ تعداد 15 ہزار پانچ سو نوے ہو گئی

دوسرے نمبر پر پنجاب میں کورونا کیسز 14 ہزار 584 ہو گئے جبکہ خیبر پختونخواہ میں 5847، بلوچستان میں 2544، اسلام آباد میں 947، گلگت میں 527 اور آزاد کشمیر میں 112 کورونا کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں

کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق خیبر پختونخواہ میں سب سے زیادہ ہلاکتیں ہو چکی ہیں جن کی تعداد 305 ہو گئی، سندھ میں 268، پنجاب میں 252، بلوچستان میں 36، اسلام آباد میں سات، گلگت میں چار اور آزاد کشمیر میں ایک موت ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ایک ہزار تین سو باون کیسز سامنے آگئے جس کے بعد کیسز کی تعداد چالیس ہزار سے تجاوز کر گئی، مزید اٹھائیس مریض جاں بحق ہو گئے مرنے والوں کی تعداد 873 ہو گئی۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے کورونا کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں مزید 1352 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، سندھ میں کورونا کیسز کی سب سے زیادہ تعداد 15 ہزار پانچ سو نوے ہو گئی، دوسرے نمبر پر پنجاب میں کورونا کیسز 14 ہزار 584 ہو گئے جبکہ خیبر پختونخواہ میں 5847، بلوچستان میں 2544، اسلام آباد میں 947، گلگت میں 527 اور آزاد کشمیر میں 112 کورونا کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق خیبر پختونخواہ میں سب سے زیادہ ہلاکتیں ہو چکی ہیں جن

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمن سے جمعیت کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری ملاقات کر رہے ہیں

کوشش ہوگی کہ رواں بجٹ میں اسٹینڈ گراف کی اپ گریڈیشن کا اعلان کر دیا جائے، قادر علی نائل

سرکاری ملازمین حکومتی مشینری میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہیں یکساں مراعات تمام ملازمین کا حق ہے

اسٹینڈ گراف کی اپ گریڈیشن سے متعلق صوبائی وزیر اور سیکرٹری خزانہ سے ملاقات کروں گا، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی قادر علی نائل نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین حکومتی مشینری میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہیں یکساں مراعات تمام ملازمین کا حق ہے اسٹینڈ گراف کی اپ گریڈیشن سے متعلق صوبائی وزیر اور سیکرٹری خزانہ سے ملاقات کروں گا اور کوشش ہوگی کہ رواں بجٹ میں اسٹینڈ گراف کی اپ گریڈیشن کا اعلان کر دیا جائے یہ بات انہوں نے بلوچستان اسٹینڈ گراف ایسوسی ایشن کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی وفد نے انہیں بتایا کہ اسٹینڈ گراف کی پوسٹ کو اپ گریڈیشن میں

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

لاک ڈاؤن میں نرمی، عوام ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں کریں گے تو ہم بھی مجبور ہوں گے، شبلی فراز

حکومت کا کام آسانیاں پیدا کرنا اور عوام کا کام مشکلات پیدا کرنا ہے حکومت کے احکامات پر عملدرآمد نہیں ہوگا تو سختی بھی کی جا سکتی ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے لاک ڈاؤن کھولنے کی مجبوریوں سے آگاہ کیا تھا، عوام ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں کریں گے تو ہم بھی مجبور ہوں گے۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیر اطلاعات نے کہا کہ حکومت مکمل لاک

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بڑے میاں لندن تو چھوٹے میاں پاکستان میں روپوش ہو گئے، مراد سعید

بڑے میاں نے سمدھی ساتھ ملا کر لوٹ مار اور منی لانڈرنگ کرتے رہے، وفاقی وزیر مواصلات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے شریف برادران پر شدید تنقید کرتے ہوئے ہوئے کہا ہے کہ بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ، بڑے میاں لندن تو چھوٹے میاں پاکستان میں روپوش ہو گئے۔ اتوار کو اپنے بیان

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

شیخ رشید صاحب، کراچی میں فی الحال ٹرین نہیں چلے گی، ہمیں عوام کی فکر ہے اور آپ کو ٹرین کی، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ

کراچی (این این آئی) سندھ کے وزیر ٹرانسپورٹ اویس شاہ نے وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید کی پریس کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ شیخ رشید صاحب، کراچی میں فی الحال ٹرین نہیں چلے گی ہمیں عوام کی فکر ہے اور آپ کو ٹرین کی۔ انہوں نے کہا کہ ٹرینیں چلیں تو پھر کورونا وائرس پر کنٹرول کرنا مشکل

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم شکایت سیل میں چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اور سابق اسپیکر ایاز صادق کے خلاف شکایت دائر

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شکایت سیل میں چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اور سابق اسپیکر ایاز صادق کے خلاف شکایت دائر کر دی گئی، شکایت پاس کے بیسویں گریڈ کے افسر مظفر علی میر نے دائر کی۔ مظفر میر نے کہا کہ ایاز صادق نے جعلی ڈگری کے جھوٹے الزام میں ذاتی عناد کی بنیاد پر نوکری سے فارغ کیا۔ مظفر میر

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ایران سے مزید 38 پاکستانی تفتان بارڈر پہنچ گئے

تفتان (این این آئی) ایران سے مزید 38 پاکستانی تفتان بارڈر پہنچ گئے لیویز ذرائع کے مطابق

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

شیرانی کے علاقے سے ایک شخص کی لاش برآمد ہسپتال منتقل

شیرانی (آن لائن) شیرانی کے علاقے سے ایک شخص کی لاش برآمد ہسپتال منتقل تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ایکسائز انٹیلی جنس ڈائریکٹر کی خالی پوسٹ پر فوری طور پر محکمے کے کسی سینئر افسر کو تعینات کیا جائے، زاہد بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایکا) ایکسائز کے عہدیداروں نے حکومت سے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

پنجگور لیویز نے نکی سے ایک لاش اور ایک زخمی کو ریسکیو کر کے ہسپتال پہنچا دیا

پنجگور (این این آئی) پنجگور لیویز نے نکی سے ایک لاش اور ایک زخمی کو ریسکیو کر کے ہسپتال پہنچا دیا جن کی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ملک بھر میں کورونا وائرس کیسز کی تعداد چالیس ہزار سے تجاوز کر گئی، جاں بحق افراد کی تعداد 873 ہو گئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ایک ہزار تین سو باون کیسز

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

(ن) لیگ کرپشن کے متعلق سوالوں کا جواب دینے کی بجائے شور مچانے کی پالیسی پر گامزن ہے، سیمی بخاری

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کی رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر سیمی بخاری نے کہا ہے کہ شہباز شریف سمیت

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کورونا کی وجہ سے آنے والے ماہ و سال ملکی معیشت کیلئے مشکل ترین ہوں گے، سینیٹر آصف کرمانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر آصف کرمانی نے کہا ہے کہ کورونا کی وجہ

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

حکومت پسماندہ علاقوں میں اختیارات کی منتقلی کا منصوبہ متعارف کرا رہی ہے، فواد چوہدری

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت پسماندہ

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

کورونا صورتحال کے دوران معاشی مسائل کو نظر انداز نہیں کر سکتے، لیاقت شاہوانی

حکومت کورونا وائرس کے اقدامات سے متعلق اپوزیشن کو ساتھ لیکر چلیں گے پبلک ٹرانسپورٹ کھولنے کے حوالے سے وزیراعلیٰ جام کمال جائزہ لیکر فیصلہ کریں گے

صوبے میں 3 لاکھ سے زائد خاندان لاک ڈاؤن سے متاثر ہوئے ہیں، قومی مالیاتی کمیشن کیلئے جاوید جبار کو نامزد کرنا حکومت کا استحقاق ہے، ترجمان بلوچستان حکومت

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ قومی مالیاتی کمیشن کیلئے جاوید جبار کو نامزد کرنا حکومت کا استحقاق ہے حکومت کورونا وائرس کے اقدامات سے متعلق اپوزیشن کو ساتھ لیکر چلیں گے پبلک ٹرانسپورٹ کھولنے کے حوالے سے وزیراعلیٰ جام کمال جائزہ لیکر فیصلہ کریں گے کورونا کے صورتحال کے دوران معاشی مسائل کو بھی نظر انداز نہیں کر سکتے صوبے میں 3 لاکھ سے زائد خاندان لاک ڈاؤن سے متاثر ہوئے ہیں لیکن وصولی میں کمی سے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں اثر پڑے گا بجٹ تیاری جاری ہے جو جون میں پیش ہوگا ایک ہفتے کے دوران صوبے میں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

گلگت بلتستان میں انتخابات کے انعقاد، نگران حکومت کی تشکیل کیلئے صدارتی حکم جاری

صدر نے شفاف انتخابات کے انعقاد کے لیے گلگت بلتستان الیکشن ایڈ کیئر ٹیکر امینڈمنٹ آرڈر 2020 نافذ کر دیا

گلگت (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے گلگت بلتستان میں نگران حکومت کی تشکیل اور وہاں الیکشن ایکٹ 2017 میں توسیع کے لیے حکم جاری کر دیا۔ وزارت برائے امور کشمیر اور گلگت بلتستان سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق صدر نے شفاف انتخابات کے انعقاد کے لیے گلگت بلتستان الیکشن ایڈ کیئر ٹیکر امینڈمنٹ آرڈر 2020 نافذ کر دیا۔ نگران وزیر کے مطابق گلگت بلتستان اسمبلی کی 5 سالہ مدت رواں برس 24 جون کو مکمل ہو جائے گی۔ صدارتی حکم میں کہا گیا کہ شفاف اور منصفانہ انتخاب کے انعقاد کے لیے گلگت بلتستان میں نگران حکومت بنانے کے لیے قواعین فراہم

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ڈیرہ غازی خان: نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سینیٹ پاکستان میں چین کے حق میں قرارداد کی منظوری، چینی وزارت خارجہ کی پاکستانی اقدام کی تعریف

ہم یہ بات کبھی نہیں بھولیں گے، ہم دکھ اور سکھ میں ایک دوسرے کے اچھے بھائی ہیں، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (این این آئی) چین نے پاکستان کے سینیٹ میں کورونا وائرس سے نمٹنے کے لیے مدد کرنے پر چین کے حق میں قرارداد کی منظوری پر تعریف کی ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان ژاؤ لی جیان نے کہا کہ جب چین مشکل میں تھا تو پاکستان نے چین کی مدد کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہ بات کبھی نہیں بھولیں گے، ہم دکھ اور سکھ میں ایک دوسرے کے اچھے بھائی ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں سینیٹ نے کورونا بحران کے دوران پاکستان کی معاونت کرنے پر چین کے لیے اظہار تشکر کی قرارداد منظور کر لی۔

ٹرینیں چلیں تو لوگوں کے 24 کروڑ واپس کر دینگے، شیخ رشید

آخری بار استدعا کر رہا ہوں ٹرین چلانے دیں، میں خود بھی فیصلہ کر سکتا ہوں مگر مجھے عمران خان کی حیاء مارتی ہے، میں کسی صوبے کا محتاج وزیر نہیں، بڑی عیدی قتل مجاہد و پھرے گا

شہباز شریف کو میری پارٹی والا سافٹ ویئر رکھنا چاہیے تھا، عمران خان کی حکومت کو 5 سال چلتے دیکھ رہا ہوں، اگر 31 جولائی تک ٹیب ترمیم نا ہوئی تو بڑی عید سے پہلے مجاہد و پھر جائیگا، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ اگر جہاز اور بسیں چلانے کی اجازت دی جا رہی ہے تو ہم نے کیا بگاڑا ہے؟ آخری بار استدعا کر رہا ہوں ٹرین چلانے دیں، میں خود بھی فیصلہ کر سکتا ہوں مگر مجھے عمران خان کی حیاء مارتی ہے، میں کسی صوبے کا محتاج وزیر نہیں، بڑی عیدی قتل مجاہد و پھرے گا، شہباز شریف کو میری پارٹی والا سافٹ ویئر رکھنا چاہیے تھا، عمران خان کی حکومت کو 5 سال چلتے دیکھ رہا ہوں، اگر 31 جولائی تک ٹیب ترمیم نا ہوئی تو بڑی عید سے پہلے مجاہد و پھر جائیگا۔ اتوار کو یہاں ریلوے اسٹیشن پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے کہا کہ روزانہ کی 142 ٹرین چلاتے ہیں، 15 سے 18 فریٹ الگ چلاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام ٹرائیں اوپی لکھ کر دے دیے ہیں، میں ٹرینیں چلانے کیلئے پرسوں سے زیادہ انتظار نہیں کر سکتا، مجھے عمران خان کی حیاء مارتی ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ کسی نے اگر میری عافیت دیکھنی ہے تو اللہ کی دی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بھارت کا افغانستان میں کردار ہمیشہ منفی رہا ہے، طالبان

بھارت نے ہمیشہ افغانستان میں غداروں کی مدد و حمایت کی جسکی وجہ سے افغانستان میں اسکا کردار منفی رہا

بھارت مثبت کردار ادا کرے تو افغان طالبان کو کوئی مسئلہ نہیں، وہ بھی مذاکرات کے لیے تیار ہو جائیں گے

دوحہ (این این آئی) بھارت نے افغانستان میں ہمیشہ غداروں کی مدد و حمایت کی، ٹی ٹی کا افغانستان میں کردار منفی رہا ہے۔ قطر میں طالبان کے سیاسی دفتر کے ہتھم شیر محمد عباس اسٹنکزئی نے کہا ہے کہ اگر بھارت افغانستان میں مثبت کردار ادا کرے تو افغان طالبان کو کوئی مسئلہ نہیں ہوگا۔ اپنے ایک انٹرویو میں قطر میں طالبان سیاسی دفتر کے ہتھم شیر محمد عباس اسٹنکزئی نے کہا کہ بھارت نے ہمیشہ افغانستان میں غداروں کی مدد و حمایت کی جس کی وجہ سے افغانستان میں اس کا کردار منفی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

خلیج کوہلو میں مچھروں کا یلغار شہری بری طرح ملیریا اور دیگر مہلک امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں کرونا وائرس عوام کو بھول گیا مچھروں کا یلغار شہری بری طرح ملیریا اور دیگر مہلک امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو میں عوام کو کرونا وائرس بھول گیا مچھروں کا یلغار شہری بری طرح ملیریا اور دیگر مہلک امراض میں مبتلا ہوتے جا رہے ہیں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کورونا وبا کیخلاف برسرپیکار شعبہ صحت کے عظیم مجاہدوں کیلئے وی کیئر مہم جاری ہے، ظفر مرزا

کورونا وبا کیخلاف برسرپیکار شعبہ صحت کے عظیم مجاہدوں کیلئے وی کیئر مہم جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا ہے کہ کورونا وبا کیخلاف برسرپیکار شعبہ صحت کے عظیم مجاہدوں کیلئے وی کیئر مہم جاری ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آئی ایس پی آر کے تعاون سے وی کیئر کے تحت

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

سی پیک سرمایہ کاری کرنے والوں کو سہولت فراہم کی جائیگی

شاہ محمود قریشی

سی پیک کے تحت بننے والے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کرنے والوں کو ہر طرح کی سہولت فراہم کی جائیگی

حکومت کورونا وائرس وباء کے بعد کی صورتحال کے تناظر میں ایک جامع حکمت عملی کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، فیڈک کے چیئرمین سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیر خارجہ اسد محمود شاہ قریشی نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ اور خاص طور پر سی پیک کے تحت بننے والے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے خواہشمندوں کو ہر طرح کی مدد اور سہولت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے یہ بات چیئرمین فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (فیڈک) میاں کاشف اشفاق سے ملاقات کے دوران کی۔ اس موقع پر فیڈک کے چیف آپریٹنگ آفیسر محمد عامر سلیمی اور دیگر سینئر افسران اور ماہرین بھی موجود تھے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے توانائی، زراعت، صحت، تعلیم اور تعمیراتی شعبوں میں پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ حکومت کورونا وائرس وباء کے بعد کی صورتحال کے تناظر میں ایک جامع حکمت عملی کی منصوبہ بندی کر رہی ہے اور ٹریڈ ڈپلومیسی کے تحت سفارتخانوں کے ذریعے دنیا کو پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے دستیاب مواقع بکش کاروباری مواقع سے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

قطر ماسک نہ پہننے والوں کو 55 ہزار ڈالر جرمانہ یا تین سال قید کی سزا ہوگی

دوحہ (این این آئی) قطر میں حکام نے ماسک پہننے کو لازم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس حکمنامے کی بار بار خلاف ورزی کرنے والوں کو تین سال قید یا 55 ہزار ڈالر تک جرمانے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قطر میں مرض کی تی کس شرح دنیا کی بلند ترین شرحوں میں سے ایک ہے۔ یہاں

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

امریکی ایوان نمائندگان نے 3 کھرب ڈالر کے معاشی بچاؤ پیکیج کی منظوری دیدی

مصدقہ مہاجرین سمیت ہر فیملی کے لیے 6000 ڈالر، 200 ارب ڈالر خصوصی ورکرز کے لیے رکھے گئے ہیں

مارچ میں بھی صدر نے 2 کھرب ڈالر کے ہنگامی بل آؤٹ پیکیج پر دستخط کیے تھے جس کی منظوری سینیٹ نے دی تھی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایوان نمائندگان نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ویٹو کی دھمکی کے باوجود کورونا کے اثرات سے نکلنے کے لیے 3 کھرب ڈالر کے معاشی بچاؤ پیکیج کی منظوری دے دی۔ امریکی ایوان نمائندگان میں ڈیموکریٹس کی جانب سے پیش کیے گئے بل کی حمایت میں 208 جب کہ مخالفت میں 199 ووٹ پڑے، 14 ڈیموکریٹس نے بھی بل کے مندرجات کی مخالفت کی جبکہ نیویارک سے تعلق رکھنے والے ریپبلکن پیٹر کنگ نے بل کی حمایت بھی کی۔ امریکی ایوان

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے گوشت اور مرغی کی مقررہ قیمت کو قصابوں نے مسترد کر دیا

ایبٹ آباد میں انتظامیہ کے دباؤ کے سامنے قصاب ڈٹ گئے گوشت مرغی کم قیمت میں فروخت کے بجائے قصابوں خانوں کو تالے لگا دیے

ایبٹ آباد (این این آئی) ایبٹ آباد میں انتظامیہ کے دباؤ کے سامنے قصاب ڈٹ گئے گوشت مرغی کم قیمت میں فروخت کے بجائے قصابوں خانوں کو تالے لگا دیے ہیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے گوشت اور مرغی کی مقررہ قیمت کو قصابوں نے مسترد کر دیا ہے قصابوں نے ضلعی انتظامیہ کے مقرر کردہ نرخ ناموں پر گوشت اور مرغی فروخت کرنے سے انکار کرتے ہوئے قصاب خانوں کو تالے لگا دیے جس کے بعد شہر بھر میں گوشت اور مرغی کی فروخت بند ہو گئی ہے ضلعی انتظامیہ کی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

بلوچستان اور پشتون خوا سے غیر مقامی افراد کا چننا ماورائے آئین ہے، اصغر اچکزئی

صوبائی حکومت پابند ہے کہ وہ اپنے اتحادیوں کو ان جیسے اہم اور حل طلب معاملات سے پہلے انہیں اعتماد میں لیں

صوبائی حکومت کا حصہ ہونے کے ناطے ہمیں اس مسئلے پر اعتماد میں نہیں لیا گیا، اصغر خان اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و صوبائی پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے دسویں قومی مالیاتی کمیشن کی تشکیل پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دسویں قومی مالیاتی کمیشن کی تشکیل پر ہمیں اعتماد میں نہیں لیا گیا صوبے کی جانب سے بطور رکن غیر مقامی شخص کی ہمدردی کا قائل قبول ہے اور اسے صوبائی خودمختاری پر قدغن اور اٹھارویں ترمیم کو رول بیک کرنے کی دانستہ حرکت سمجھتے ہیں صوبائی حکومت اس طرح کے سنجیدہ اہم حل طلب معاملات میں تمام اسٹیک ہولڈرز بالخصوص اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لینے کے پابند ہے پارٹی صوبائی حقوق پر اڑا کہ اٹھارویں ترمیم کو رول بیک کرنے کسی سازش کا حصہ نہیں بنے گی بلکہ ہر اس عمل کی برملا مخالفت کرے گی جو چھوٹی قوموں کے حقوق پر زد پہنچائے اصغر خان

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر عائشہ زہری کو چھ ماہ قبل اپنے ڈپٹی کمشنر کے خلاف کی جانے والی پریس کانفرنس مہنگی پڑ گئی

چیف سیکرٹری بلوچستان نے سابق اسسٹنٹ کمشنر دلجعد ین کو مورد الزام قرار دیتے ہوئے شوکاز نوٹس دے دیا

کوئٹہ (این این آئی) دلجعد ین کی سابق خاتون اسسٹنٹ کمشنر عائشہ زہری کو چھ ماہ قبل اپنے ڈپٹی کمشنر کے خلاف کی جانے والی پریس کانفرنس مہنگی پڑ گئی انکوائری مکمل ہونے پر چیف سیکرٹری بلوچستان نے سابق اسسٹنٹ کمشنر دلجعد ین کو مورد الزام قرار دیتے ہوئے شوکاز نوٹس دے دیا تفصیلات کے مطابق چھ ماہ دلجعد ین میں تعینات خاتون اسسٹنٹ کمشنر عائشہ زہری نے شکایات کی ایک کمپیٹ پکڑنے کے بعد پریس کانفرنس کی جس میں انہوں نے الزام عائد کیا تھا کہ ان

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: حکومت کی طرف سے اس اپنی اپنے ہوئے اسپورٹ سامان کے بھرے دو سائیکل بس سٹینڈ پر اسوں میں پیرے کیا جا رہا ہے

ایران مزید 1806 افراد کورونا سے متاثر، کل تعداد ایک لاکھ 20 ہزار سے زائد، مزید 51 افراد ہلاک

تہران (این این آئی) ایران نے اتوار کو مزید 1806 افراد میں کورونا وائرس کی تشخیص کی تصدیق کی ہے۔ ایران میں اس وائرس سے متاثرین کی تعداد 120198 ہو گئی۔ ایرانی وزارت صحت کے ترجمان کیانش جہانپور نے اپنی یومیہ بریفنگ میں بتایا ہے کہ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

محمد علوی محمود فاؤنڈیشن اسلام آباد سے بھیجے گئے درختوں بوری آٹا اور گھی نوشکی مستونگ اور قلات اضلاع کے غریب یتیم اور مسکین لوگوں کے درمیان تقسیم کیا گیا

نوشکی (این این آئی) محمد علوی محمود فاؤنڈیشن اسلام آباد سے بھیجے گئے درختوں بوری آٹا اور گھی نوشکی مستونگ اور قلات اضلاع کے غریب یتیم اور مسکین لوگوں کے درمیان تقسیم کیا گیا۔ ضلع نوشکی کے اسسٹنٹ کمشنر قربان سلیم دشتی اور ناصر ادیب اور داکٹر یار جان بادینی نے غریب مفلس اور ناداروں کے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

جب سے پاکستان بنا ہے بلوچستان نے دیا ہی کیا نہیں ہے، جعفر اسلم

بلوچستان کا وارث مر جائے گا اپنے سرزمین کا سودا نہیں کریگا، جاوید جبار کو ادھار لیکر حکومت بلوچستان نے یہاں کے عوام کی توہین کی

جس آدمی کو بلوچستان کی زمینی حقائق کا پتہ نہیں ہے وہ شخص بلوچستان کا کیس کیسے لڑے گا، این ایف سی کمیشن کو چیلنج نہیں کر رہا ہوں، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) آزاد رکن قومی اسمبلی اسلم بھوتانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کا ایک کروڑ 30 لاکھ آبادی میں کوئی ایسا شخص نہیں ملا کہ جاوید جبار کو ادھار میں لینا پڑا حکومت بلوچستان نے عوام کا توہین کیا ہے جب سے پاکستان بنا ہے بلوچستان نے دیا ہی ہے لیا نہیں ہے بلوچستان کا وارث مر جائے گا اپنے سرزمین کا سودا نہیں کریگا اگر جاوید جبار نے دستخط کیا تو بلوچستان کو دو بلوچستان کا حصہ ہے گوادر کو نکال دے ذرا پھر ایک لاکھ تو دکھائیں بلوچستان کے عوام پتھر کے زمانے والے اب نہیں رہیں عوام باشعور ہیں ان خیالات کا اظہار اسلم بھوتانی نے نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں این ایف سی کمیشن کو چیلنج نہیں کر رہا ہوں مجھے بلوچستان کی نمائندگی پر اعتراض ہے جاوید

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

حکومت سے لاک ڈاؤن تو نہیں ہو سکا لیکن حکومت نے اپنی مکمل لاک ڈاؤن ہونے کا ثبوت دیا ہے، احسن اقبال

لاہور/نارووال (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان میں لاک ڈاؤن کی جتنی تحسین ایجاد ہوئی ہیں پوری دنیا میں نہیں ہوئیں، لاک ڈاؤن سافٹ، سمارٹ لاک یا پھر نو لاک ڈاؤن

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

18 مئی 2020ء

ایس او پیز پر عملدرآمد کا معاملہ

کورونا وائرس کی تباہ کاریوں پر قابو پانے میں دنیا اب تک کامیاب نہیں ہوئی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق مجموعی طور پر اب تک 43 لاکھ 55 ہزار 455 کیسز رپورٹ کئے جاچکے ہیں جبکہ 2 لاکھ 93 ہزار 88 اموات ہوچکی ہیں دنیا کی واحد سپر پاور امریکہ کورونا سے بری طرح متاثر ہے امریکہ میں اب تک 14 لاکھ 8 ہزار 636 افراد کورونا کا شکار ہوئے ہیں جن میں سے 83 ہزار 425 اموات واقع ہوچکی ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ مئی کے واسطہ میں کورونا کا دباؤ مشرقی ممالک پر بڑھ جائیگا۔ پاکستان میں کورونا کے پھیلاؤ میں اضافہ نظر آرہا ہے وزیراعظم پہلے بھی جمود کرچکے ہیں کہ مئی کا واسطہ مشکل ہوسکتا ہے پاکستان میں نافذ کیا گیا جزوی لاک ڈاؤن نرم کردیا گیا ہے اور رمضان اور عیدالفطر کے پیش نظر بازار اور کاروباری مراکز کھل گئے ہیں مختلف شاپنگ سینٹروں میں مرد وخواتین کا رش دیکھنے میں آرہا ہے جہاں حکومتی ایس او پیز کو ہوا میں اڑا دیا گیا ہے سماجی فاصلے کا اصول نہ ہونے کے برابر ہے۔ اکثر خواتین اور مرد ماسک پہننے کی پابندی بھی نہیں کررہے۔ مساجد میں باجماعت نمازوں اور تراویح کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ عملاً ملک میں لاک ڈاؤن ختم ہوکر رہ گیا ہے۔ اور حکومت اس میں مزید نرمی کرنے کے اعلان کررہی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں پاکستان میں مزید 32 افراد جاں بحق ہوئے جس کے بعد کورونا کے باعث جاں بحق ہونے والوں کی کل تعداد 737 ہوگئی ہے۔ اس طرح بلوچستان میں بھی صورتحال قابو سے باہر ہوتی نظر آرہی ہے۔ کورونا کے مزید 97 کیسیز سامنے آگئے ہیں۔ جس کے بعد مریضوں کی کل تعداد 2 ہزار 158 ہوگئی ہے۔ ملک کے دیگر حصوں کی طرح بلوچستان میں ٹیسٹنگ کی رفتار بہت سست ہے۔ اور کورونا سے متاثر ہونے والوں کی حقیقی تعداد کا اندازہ کرنا مشکل ہے۔ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ٹیسٹ کرنا ڈاکٹر اور طبی عملے کو کٹس اور دیگر حفاظتی سامان مہیا کرنا۔ تمام ضروری سہولتوں سے آراستہ قرنطینہ قائم کرنے کے فرائض تو اپنی جگہ اب رمضان اور عید کی خریداری کرنے والوں پر سماجی فاصلے ہاتھ دھونے اور ماسک پہننے کی پابندی کرانا بھی ایک بڑا چیلنج بن گیا ہے۔

آج کی تراویح میں پڑھے جانے والے قرآن پاک کی تفہیم

رانا شفیق پسروری

تیئیسویں تراویح
سورۃ الکہف: 81 ویں سورت

یہ مکی سورت ہے۔ 29 آیات اور ایک رکوع ہے جو تیئیسویں پارہ کا چھٹا ہے۔ نزول کے اعتبار سے نمبر 7 ہے۔ نام پہلی ہی آیت کے لفظ "کہف" سے ماخوذ ہے۔ مکہ معظمہ کے ابتدائی دور میں نازل ہوئی۔ موضوع "آخرت" اور "رسالت" ہے۔

یہ سورۃ روز قیامت کا منظر پیش کرتی ہے۔ ارشاد ہے کہ جب آفتاب کا نور زائل ہوجائیگا۔ جب تارے جھڑ کر گر جائینگے۔ جب پہاڑ غبار کی طرح اڑتے پھرینگے۔ جب قریب میں بچہ دینے والی اونٹنیاں چھوٹی ہوئی پھریں گی۔ جب وحشی جانور جمع کئے جائینگے۔ جب سمندر سلگائے جائینگے۔ جب نیک لوگ نیکوں کے ساتھ اور برے لوگ برے کے ساتھ ہونگے۔ جب زندہ دفن کی ہوئی بچی سے پوچھا جائے گا کہ وہ کس خطا پر ماری گئی تھی۔ جب نامہ اعمال کھولے جائیں گے۔ جب آسمان اپنی جگہ سے کھینچ لیا جائیگا۔ جب جہنم کو بھڑکایا جائیگا۔ جب اللہ کے پیاروں کے لئے جنت قریب لائی جائیگی، اس وقت ہر انسان کو اس کی نیکی اور بدی کا علم ہو جائیگا۔ حضور اورسول ﷺ کوئی مجنون نہیں جیسا کہ کفار خیال کرتے ہیں۔ بیشک انہوں نے جبریل امین کی اصل صورت میں اور آفتاب کے طلوع کی جگہ دیکھا ہے وہ غیب کی بات بتانے میں بخیل نہیں ہیں اور شیطان تو قرآن سے محروم ہے۔

سورۃ الانفطار: 82 ویں سورت

یہ مکی سورت ہے۔ 19 آیات اور ایک رکوع ہے یعنی تیئیسویں پارہ کا ساتواں رکوع۔ نزول کے اعتبار سے نمبر 82 ہے۔ نام پہلی ہی آیت کے لفظ "انفطرت" سے لیا گیا ہے۔ ("انفطار" مصدر ہے جس کا معنی پھٹنا ہے) مضمون سورۃ تکویر کے مشابہہ ہے اور دونوں ایک ہی زمانہ میں نازل ہوئیں۔ اس کا موضوع بھی آخرت اور قیامت ہے۔

ارشاد ہے کہ "جب آسمان پھٹ پڑے۔ جب تارے جھڑ پڑیں۔ جب سمندر بہا دیئے جائیں اور جب مردے زندہ ہوں تو ہر شخص جان لے گا جو اس نے اپنے اعمال بھیجے ہیں یا اپنے پیچھے چھوڑے ہیں۔ بیشک تمہارے اعمال واقوال کے نگراں فرشتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں اور جانتے ہیں جو کچھ تم کرتے ہو۔ بیشک نیک لوگ جنت میں ہونگے اور بدکار لوگ دوزخ میں ہونگے اور قیامت سے کوئی بچ نہ سکے گا۔ اس دن کوئی شخص کسی کیلئے کوئی اختیار نہ رکھے گا اور سارا حکم اس دن صرف اللہ کا ہوگا"۔

سورۃ المطففین: 83 ویں سورت

یہ مکی سورت ہے، 36 آیات اور ایک رکوع یعنی تیئیسویں پارہ کا آٹھواں رکوع ہے۔ ترتیب نزول میں نمبر 86 ہے۔ پہلی آیت سے نام ماخوذ ہے۔ یہ بھی مکہ کے ابتدائی دور میں نازل ہوئی۔ بعض مفسرین نے اسے مدنی قرار دیا اور بعض نے کہا کہ مکہ کے بعد دوبارہ مدینہ میں نازل ہوئی۔ اس کا موضوع بھی آخرت ہی ہے۔

"لوگ ایک دوسرے سے پورا تول کر لیتے ہیں لیکن خود کم تولتے ہیں۔ ایسے لوگوں کیلئے خرابی ہے اور انہیں قیامت کے دن اللہ کے سامنے جواب دینا ہوگا اور کافر لوگوں کے اعمال نامے سب سے نچلی جگہ سجین میں ہونگے اور جب وہ قیامت کے روز پیش ہونگے تو ایسے سرکش لوگوں کیلئے خرابی ہے اور نیک لوگوں کے اعمال نامے سب سے اونچی جگہ علیین میں ہونگے اور ان کے نوشتے کی تو فرشتے بھی زیارت کرتے ہیں۔ وہ لوگ جنت میں ہونگے اور ان کے چہروں پر چین کی تازگی ہوگی۔ اور انہیں ایسی شراب طہور پلائی جائیگی جو کھری ہوئی اور مشک سے مہر کی ہوئی ہوگی۔ تسنیم سے اس کی آمیزش ہوگی اور یہ وہ چشمہ ہے جس سے مقربین ہی سرشار ہوتے ہیں۔

سورۃ الانشقاق: 84 ویں سورت

یہ بھی مکی ہے۔ 25 آیات اور ایک رکوع یعنی تیئیسویں پارے کا نواں رکوع ہے۔ نزول کے اعتبار سے نمبر 83 ہے۔ نام پہلی ہی آیت کے لفظ "انشقت" سے لیا گیا ہے۔ یعنی یہ وہ سورت ہے جس میں آسمان کے پھٹنے کا ذکر ہے۔ یہ بھی مکہ کے ابتدائی دور میں نازل ہوئی۔ اس کا مضمون بھی قیامت اور آخرت ہے۔ "اس سورت میں قیامت کا منظر دکھایا گیا ہے۔ جب آسمان اللہ کے حکم سے شق ہوگا اور جب زمین برابر کردی جائیگی اور اپنے اندر کی تمام چیزیں وہ اگل دیگی، اس وقت انسان اپنے اعمال کے نتائج دیکھے گا۔ تو جس شخص کے داہنے ہاتھ میں اعمال نامہ دیا جائیگا وہ اپنے جنتی گھر والوں کی طرف خوش خوش پلٹے گا لیکن جس کا اعمال نامہ اس کی پیٹھ کے پیچھے دیا جائیگا وہ جہنم کے خوف سے موت کی آرزو کریگا۔

سورۃ البروج: 85 ویں سورت

یہ بھی مکی سورت ہے۔ 22 آیات اور ایک رکوع ہے جو تیئیسویں پارے کا رکوع 10 ہے۔ نزول کے اعتبار سے نمبر 27 ہے۔ پہلی آیت کا لفظ "البروج" نام قرار پایا۔ مکہ معظمہ کے اس دور میں نازل ہوئی جب ظلم و ستم پوری شدت سے برپا تھا۔ اس میں کفار کو ظلم وستم کے انجام سے خبردار کیا ہے۔ اصحاب الاخدود (خندق والوں) کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ قسمیں کھانے کے بعد فرمایا "اصحاب اخدود (یعنی کھائی والوں) پر لعنت ہو جو ایمان والوں کو کھائی میں ڈال کر جلاتے تھے اور ان کا قصور صرف یہ تھا کہ وہ اللہ پر ایمان رکھتے تھے۔ بیشک وہ لوگ جنہوں نے مسلمانوں کو ایذا پہنچائی، پھر توبہ بھی نہیں کی تو ان کے لئے سخت آگ کا عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل صالح کئے تو ان کے لئے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں اور یہ ان کی کامیابی ہے۔ اور اللہ کی پکڑ بہت سخت ہے۔ فرعون اور ثمود کے لشکر پیغمبروں کے مقابلے میں آئے لیکن سب تباہ کردیئے گئے اور قرآن بڑی عظمت والا ہے جو لوح محفوظ میں ہے"۔

سورۃ الطارق: 86 ویں سورت

یہ مکی سورت ہے۔ 17 آیات اور ایک رکوع ہے یعنی تیئیسویں پارے کا گیارہواں رکوع۔ نزول کے اعتبار سے 36 ویں سورت ہے۔ پہلی ہی آیت کے لفظ "الطارق" کو نام قرار دیا گیا ہے۔ مکہ کے اس دور میں نازل ہوئی جب کفار مکہ دعوت اسلامی کو نقصان پہنچانے کی چالیں چل رہے تھے۔ سورت میں دو مضمون ہیں "مرنے کے بعد اللہ کے حضور حاضری اور دوسرا یہ کہ قرآن کو کفار کی چالیں نقصان نہیں پہنچا سکتیں"۔ اس سورۃ کی شان نزول یہ ہے کہ ایک رات حضور انور ﷺ کیلئے جناب ابو طالب کوئی کھانا ہدیہ لائے۔ حضور ﷺ اس کو تناول فرما رہے تھے کہ ایک تارا ٹوٹا اور تمام فضا آگ سے بھر گئی۔ جناب ابو طالب نے دریافت کیا کہ یہ کیا ہے؟ حضور انور ﷺ نے فرمایا کہ یہ ستارہ ہے جس سے شیاطین مارے جاتے ہیں اور یہ قدرت الٰہیہ کی نشانیوں میں سے ہے۔ ابو طالب کو تعجب ہوا۔ اور یہ سورۃ نازل ہوئی۔ ارشاد ہے کہ "آسمان کی قسم اور رات کو آنے والے ستارے کی قسم جو خوب چمکتا ہے کہ کوئی شخص ایسا نہیں جس کے اعمال کی نگرانی کیلئے اس کے رب کی طرف سے نگراں مقرر نہ ہو۔ تو انسان کو چاہئے کہ وہ غور کرے کہ وہ کس چیز سے بنایا گیا ہے (کس طرح اس کی کس پانی سے تخلیق ہوئی ہے) اور اللہ ہی اس کو مرنے کے بعد دوسری زندگی کی طرف واپس لانے پر قادر ہے۔ اور یہ اس دن ہوگا جبکہ انسان کی پوشیدہ باتوں کی جانچ ہوگی۔ اور اس دن اس کے پاس کوئی زور نہ ہوگا اور کوئی مددگار نہ ہوگا۔

سورۃ الاعلیٰ: 87 ویں سورت

یہ مکی سورت ہے۔ 19 آیات اور ایک رکوع ہے جو پارے کا بارہواں رکوع ہے۔ ترتیب نزول میں آٹھویں سورت ہے۔ پہلی ہی آیت کا لفظ "الاعلیٰ" نام قرار پایا۔ جمعہ کی نماز میں اس سورت کو اور اگلی سورت غاشیہ کو پڑھنا مسنون ہے۔

حدیث میں ہے کہ جب اس سورۃ کی پہلی آیات نازل ہوئی تو حضور انور ﷺ نے فرمایا کہ اس کو اپنے سجدے میں داخل کرو (یعنی سجدے میں سبحان ربی الاعلیٰ کہو)۔ ارشاد ہے کہ اپنے رب کے نام کی پاکی بیان کرو جو سب سے بلند ہے جس نے ہر چیز کی پیدائش ایسی مناسب فرمائی جو پیدا کرنے والے کے علم وحکمت پر دلالت کرتی ہے اور جس نے ہر چیز کو صحیح اندازے پر چلایا۔ اور اللہ آپ کے لئے تبلیغ کا کام آسان کردیگا۔ اور آپ تو نصیحت فرماتے رہیں اور وہی نصیحت حاصل کریگا جو اللہ سے ڈرتا ہے۔ شقی اور بدبخت ہی اس سے دور رہے گا اور جہنم میں جائیگا جہاں اسے نہ موت ہے زندگی ہے (یعنی بہت بری حالت ہوگی) بیشک وہی کامیاب ہے جو ایمان لایا اور اپنے رب کا نام لیا اور نماز پڑھی۔ اے لوگو تم اس دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔ حالانکہ آخرت بہتر ہے اور باقی رہنے والی ہے۔ یہ بات اگلے صحیفوں میں بھی بتائی گئی ہے یعنی ابراہیم اور موسیٰ علیہم السلام کے صحیفوں میں"۔

سورۃ الغاشیہ: 88 ویں سورت

یہ مکی سورت ہے، 26 آیات اور ایک رکوع یعنی پارہ کا تیرھواں رکوع۔ ترتیب نزول میں نمبر 68 ہے۔ نام پہلی آیت کے لفظ "الغاشیہ" سے ہے۔ ابتدائی زمانہ میں نازل ہوئی موضوع توحید اور آخرت ہے (نماز جمعہ میں پڑھنا مسنون ہے) "فرمایا بیشک تمہارے پاس اس مصیبت (یعنی قیامت) کی خبر آئی ہے جو چھا جائیگی۔ اس دن کتنے ہی ذلیل ہوں گے اور ان کی مشقت (دنیا کے لئے جو تھی) کام نہ آئے گی۔ وہ بھڑکتی ہوئی آگ میں جائیں گے۔ نہایت جلتے ہوئے چشمہ کا پانی انہیں دیا جائے گا۔ آگ کے کانٹے کھانے کو دیئے جائیں گے کہ ان سے غذا کا کوئی نفع نہ ہوگا لیکن اس دن ایمان والے کتنے چین میں ہوں گے اور ان کی کوشش (آخرت کے لئے) بارآور ہوگی اور وہ اس سے راضی ہوں گے۔ بلند جنت میں ہوں گے، چشمہ جاری ہوگا۔ بلند تخت ہوں گے۔ چنے ہوئے کوزے ہوں گے۔ قالین برابر برابر بچھے ہوئے ہوں گے۔ چاندنیاں پھیلی ہوں گی۔ اللہ کی قدرت تو دنیا میں نظر آتی ہے کہ اونٹ کس طرح بنایا گیا۔ اس میں کیا کیا خصوصیات ہیں جن سے انسان کو سبق حاصل ہوسکتا ہے۔ آسمان بغیر ستون کے اونچا کیا گیا، پہاڑ قائم کئے گئے زمین بچھائی گئی۔ کیا یہ سب چیزیں آسمان ہیں اور کیا کسی اور میں یہ قدرت ہے؟ پس اے میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم آپ تو نصیحت سنانے والے ہیں "بس نصیحت سنا دیجئے" آپ "جبر" تو نہیں کریگے۔ تو جو شخص ایمان سے پھرتا ہے اور کفر کرتا ہے تو اس کے لئے بہت بڑا عذاب ہے۔ وہ سب ہمارے سامنے پیش ہونگے اور ہمارے ہی سامنے ان کا حساب ہوگا"۔

چین کی کامیابی؟

عمر جاوید

چین سے کرونا ایک عالمی وبا کی صورت میں پوری دنیا میں پھیلا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس وبا نے ترقی یافتہ ممالک کو بھی بری طرح اپنی لپیٹ میں لے لیا مگر وہیں دوسری طرف کرونا جس ملک سے پوری دنیا میں پھیلا اب اسی ملک یعنی چین نے مکمل طور پر نہیں تو کافی حد تک اس وبا پر قابو پالیا ہے۔ چین نے جس تیزی سے اس وبا پر اپنے ملک میں قابو پایا اس پر ایک دنیا حیران ہوئی۔ اور اسی کے ساتھ دنیا اور خاص طور پر مغربی میڈیا میں ایک مرتبہ پھر "چینی ماڈل" کو لیکر بحث کا سلسلہ بھی شروع ہوگیا۔ پاکستان کی بات کریں تو یہاں پر بھی عمران خان اور پی ٹی آئی کے کئی وزرا اپنی تقریروں اور بیانات میں چین کی ترقی کی مثال دیتے ہوئے "چینی ماڈل" کا ذکر کرتے ہیں اور پاکستان کے مسائل کے حل کیلئے "چینی ماڈل" کو اختیار کرنے کی بات کرتے ہیں۔ اس کالم میں دنیا کو ایک طرف رکھتے ہوئے ہم صرف پاکستان کو ہی اپنے سامنے رکھتے ہوئے یہ سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ کیا پاکستان میں "چینی ماڈل" کو نافذ کیا جاسکتا ہے؟

"چینی ماڈل" کا ذکر دنیا کے مختلف ممالک کے حکمران ہی نہیں کرتے بلکہ اب تو "چینی ماڈل" پر مغرب میں بھی علمی اور فکری تحقیق شروع ہوگئی ہے۔ اس کا ایک ثبوت ہمیں The Fourth Revolution" نام کی کتاب سے بھی ملتا ہے۔ برطانوی جریدے دی اکانومسٹ کے دو انتہائی معروف صحافیوں جان میکلیتھ ویٹ اور ایڈریان ولڈرنج کی جانب سے 2014 میں کتاب "The Fourth Revolution" کے نام سے منظر عام پر آئی کہ جس میں ثابت کیا گیا کہ موجودہ دور میں مغربی ریاستیں استعداد کار پر مبنی گورننس فراہم کرنے میں ناکام ہوتی جارہی ہیں۔ بجٹ خساروں، اور جمہوریت کے نام پر اپنے حامیوں کو ریاستی ذرائع سے نوازنے جیسے عوامل مغربی ریاستوں کی اہلیت کو بری طرح سے متاثر کرنا شروع ہوگئے ہیں۔ اس کتاب میں اس تاثر کی مکمل طور پر نفی کردی گئی ہے کہ اب مستقبل قریب میں بھی مغربی سیاسی نظریات ہی ریاستوں اور حکومتوں کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں گے کیونکہ اب خود مشرق میں بھی (جاری ہے)

بے لگام گھوڑا اور حب پولیس

میر سعید اللہ بزنجو

پولیس نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں اور پولیس کے افسران اور نوجوان اپنی جانوں کا نذرانہ مادر وطن پر نچھاور کررہے ہیں اس لیے پولیس کی قربانیوں کے حوالے سے کوئی دو آرا نہیں ہیں۔ پولیس کی ذمہ داری کسی بھی معاشرے میں امن وامان قائم رکھنا ہے۔ معاشرے کے مجبور طبقات کی مدد کرنا۔ باثر افراد کی چیرہ دستیوں سے مظلوم بے کس افراد کو بچانا۔ پولیس درحقیقت ریاست کی طرف سے ایک ایسے کام پر مامور ہے جس طرح اللہ پاک فرشتوں کو اپنی مخلوق کی مدد کے لیے بھیجتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارا معاشرہ عجیب طرح کی کشمکش سے دوچار رہتا ہے۔

لیکن پولیس کے حوالے سے شکایات زبان زد عام ہیں۔ پولیس کی ذمہ داری کسی بھی معاشرے میں امن وامان قائم رکھنا ہے اور معاشرے کے مجبور طبقات کی مدد کرنا جاگیردارانہ سوچ وذہنیت شاہی سرمایہ دارانہ ذہنیت یہ سب کچھ جس معاشرے میں ہو وہاں پولیس نام کی فورس فرشتوں جیسا نہیں بلکہ ظالموں کا روپ دھار لیتی ہے۔ بدقسمتی سے ہمارا معاشرہ عجیب طرح کی کشمکش سے دوچار رہتا ہے۔

دنیا بھر میں پولیس امن وامان قائم رکھنے کی سلجھے ہوئے انداز میں کوشش کرتی ہے، مگر نوآبادیاتی ملکوں میں اس ادارے کو حکمران غلاموں کو ان کی "اوقات" یاد دلاتے رہنے کا ذریعہ بنا لیتے ہیں۔

ڈاکوؤں، جیب کتروں اور ناکوں کے لیے تفریحی مقامات کی حیثیت رکھتے ہیں، مگر معصوم اور بے ضرر عوام کے لیے ایک ڈراؤنا خواب بن جاتے ہیں۔ پولیس نے اپنے لیے ایک موڈ وضع کر رکھا ہے، یعنی "پولیس کا ہے فرض، مدد آپ کی" حالانکہ جس مقام سے چور کامران ہوکر نکلتا ہے۔

اور مظلوم اس کے شکنجہ میں پس جاتا ہے پاکستان میں کورونا وائرس انتہائی تیزی سے پھیلنے لگا، اور وہاں پولیس بھی کورونا وائرس وبا کی طرح غریب پر اپنے روپ دھارنے لگا

وہاں پولیس آکر "ڈاکو" کا رول کرتی ہے۔ اس ڈر سے شریف شہری وارداتوں کے بعد پولیس سے رجوع نہیں کرتے کیونکہ پولیس والے اپنی بہترین اور جدید تفتیش میں جرم کا سرا کھینچ کھانچ کر گھر کی طرف ہی لے آتے ہیں اور ان کو بدترین تشدد کے ذریعے انصاف مہیا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

پولیس میں بھرتی ہونے کے لیے کم تعلیم، سفاکی اور بے رحمی، بنیادی شرائط ہیں۔ ایس ایچ او یا تھانیدار تھانے کا انچارج ہوتا ہے۔ بظاہر تو اسے عوام کا خادم کہتے ہیں، مگر کم تنخواہ اور زیادہ اختیارات کا فرق دور کرنے کے لیے مجرموں کی سرپرستی بھی اس کا فرض اولین بن جاتی اور جب پولیس نے اس ماہ المبارک میں غریب عوام کو تنگ کرنے کا ایک سلسلہ شروع کیا ہے جو غریب عوام کے لئے ایک برداشت عمل نہیں ہے راہ چلنے والے غریب عوام کو ہر روز تنگ کرنے کا سلسلہ متواتر جاری اس کورونا کی وبا نے تو مشکل کھڑی تو کی مزدور افراد پہلے اپنے آپ سے مجبور ہے مگر اس ایس ایچ او جب سٹی نے تو حد کردی ہر روز افطاری کے قریب روزے داروں کو تلاشی اور چیکنگ کے بعد بہانہ بنا کر عوام کو تاخیر تنگ کرتی ہے اگر کوئی چیز برآمد نہیں ہوتا اس کو تھانہ جب کا سیر کروانے لے کر روزے کی حالت میں تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے اور گھر والے اس کی راہ دیکھتے رہتے ہے لیکن صاحب اپنے طاقت کے نشے میں چور ہے لیکن رب کی طاقت سب پر غالب ہے

اور ناخوشگوار واقعہ اگر ہر روز پیش آتے رہے تو عوام کا پیمانہ لبریز ہوجائے گا جس کے بعد حالات کافی حد تک خراب ہوسکتے ہیں آخر اس بے لگام گھوڑے کی جابک کہاں اور کس کے ہاتھ میں ہے تاتو اس پر کوئی اعلیٰ سطح کا افسران نوٹس لیتے ہیں

اور پولیس جرائم پیشہ افراد کے خلاف تو کوئی ایک سرگرم عمل نظر آیا تا اس کی کارکردگی کا خبر اتنے بڑے پیمانہ پر جرب میں منشیات کے اڈے ان کے سرپرستی میں چل رہے ہیں اور شراب کے دوکان سرے عام اس ماہ مقدس میں چل رہے اور ہر روز جرب میں چوری کے واقعات ہوتے رہتے ہیں مجال ہے کہ پولیس نے کبھی ان کے خلاف کارروائی کی ہو بس موصوف ان غریب عوام کے پیچھے اور مزدور طبقے کو ہر روز تنگ کرنے اور ان پر تشدد اپنی ڈیوٹی سمجھ بیٹھی ہے کیا جب شہر کا کوئی والی وارث نہیں کیا یہاں آندھر گردی اور چوپٹ راج کا نفاذ ہے

گھوڑوں کی بے لگام چھلانگوں کو دیکھ کر
بچھڑے کسی گیدڑ کے دم پر اچھل پڑے

عوام آگر گمراہ ہوا تو اس کے ذمہ داروں کو اپنے سر پر لے گی۔

اور... حدیث مبارک میں ہے
انسان کے بس میں کب کچھ ہے؟
جو کچھ ہے رب کریم کے بس میں ہے جو رحمان ورحیم بھی ہے، قہار وجبار بھی لیکن کیا واقعی ایسا ہے؟ کیا کوئی کاٹھی نہیں، جو وقت کی بے لگام گھوڑے پر ڈالی جاسکے۔ کوئی لگام نہیں جو اس گھوڑے کا منہ موڑ دے؟ کیا کوئی چابک نہیں جو اس اڈیل کو صحیح سمت میں رواں رکھ سکے؟ کیا کوئی رکاب نہیں جو سوار کو سواری کی پیٹھ سے چپکا سکے، اسے اوندھے منہ گرنے سے بچا سکے؟ نہیں ایسا نہیں ہے، رب رحمان نے انسان کو سمجھایا کہ ہونی ہو کر رہتی ہے جو پیشانی میں ہے اسے پیش آنا ہے۔ کاتب تقدیر نے لکھا ہے اسے پورا ہونا ہے لیکن ہونی کیا ہے، پیش کیا آنا ہے، کاتب تقدیر نے کیا لکھا ہے، سوائے اس کے کہ "بنا گسٹیک ایڈھم" جو کچھ تم نے اپنے ہاتھوں سے کمایا ہے۔ اس نے راستے دکھائے ہیں۔ "۔ بھلائی اور برائی کے راستے۔ اس نے تو سمجھایا ہے "ہم نے الہام کیا ہے، برائی کا بھی، بھلائی کا بھی"۔ اس نے تو بار بار یاد دلایا ہے۔ "اس نے تو وعدہ کیا ہے۔ "وہ کسی عمل کرنے والے کا عمل ضائع نہیں کرتا"۔ اور پھر اس نے کہا ہے تول لیا جائے گا تمہارا ہر عمل اچھا یا برا، چھوٹا یا بڑا، اور فیصلہ کردیا جائے گا تمہارے فلاح یا خسارے کا۔ اس نے انسان کو متنبہ کیا ہے۔

"وقت کی قسم تمام انسان خسارے میں ہیں۔" اور یہ بھی بتایا ہے کہ اس خسارے سے کیسے بچا جائے۔ اس نے وقت کا منہ زور گھوڑا ہی تخلیق نہیں کیا، اس نے کاٹھی بھی دی ہے، لگام بھی، چابک بھی دی ہے، رکاب بھی۔ ایمان کی کاٹھی، عمل صالح کی لگام۔ تواصی حق کی چابک اور تواصی صبر کی رکاب۔ تاریخ سے پوچھ کر دیکھئے۔ کون ہے جس نے وقت کے بے لگام گھوڑے کو قابو کرنے کیلئے ان اجزاء کو استعمال کیا ہو، اور ناکام رہا ہو۔ کون ہے جس نے ان اجزاء سے دامن چھڑایا ہو اور کامیاب ہوا ہو۔

لیکن ہمارا معاملہ عجیب ہے۔ ہمارا حال یہ ہے کہ "تمنا برق کی رکھتا ہوں اور افسوس حاصل کا"۔ سمجھانے والے سمجھاتے رہ جائیں۔ راہ دکھانے والے راہ دکھاتے رہ جائیں۔ ہم کسی کی کب سنتے ہیں۔ ہم کہ عقل کل ٹھہرے، کب کسی کی مانتے ہیں۔ ہم اللہ کو مانتے ہیں لیکن نہ اس کے دین کو مانتے ہیں نہ یوم الدین سے ڈرتے ہیں۔ ہم قرآن کی تلاوت کرتے ہیں لیکن اس سے ہدایت نہیں لیتے۔ ہم نبی کریم سے محبت کرتے ہیں لیکن ان کی اطاعت نہیں کرتے۔ زندگی ہم فرعونوں کی طرح گزارتے ہیں لیکن عاقبت موسیٰ کی مانگتے ہیں۔

خواہشیں جانے کس طرف لے جائیں
خواہشوں کو نہ بے لگام کرو

☆☆☆☆☆

کورونا، بیٹا یا بیٹی، رحمت یا زحمت؟ (آخری قسط)

کو نہ صرف خوش آمدید کہا جارہا ہے بلکہ اس کی تشریف آوری پا قدم رنجہ فرمانے پر بہت بڑی خوشی کا اظہار بھی کیا جارہا ہے لیکن اس خوشی کا اظہار سر عام نہیں بلکہ مخصوص محفلوں اور ملاقاتوں میں کیا جاتا ہے

خواب اور خیال/ آغا نیاز مگسی

ایک دوسرے کو اس طرح مبارکبادیں دی جاتی ہیں جیسے ان کے ہاں نرینہ اولاد کی ولادت یعنی طویل عرصے کے بعد بیٹا پیدا ہونے پر بھرپور خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے۔ بیٹا اور بیٹی کی اپنی اپنی اور جداگانہ اہمیت ہوتی ہے کہیں بیٹا دکھ دیتا ہے تو کہیں بیٹی دکھ اور رسوائی کا باعث بنتی ہے۔ بیٹوں اور بیٹیوں کے دکھ اور رسوائیوں کی نوعیت الگ اور مختلف ہوتی ہے۔ اس حقیقت کو بہر حال تسلیم کرنا پڑے گا کہ بیٹی بیٹے کی نسبت اپنے والدین کے ساتھ زیادہ مخلص اور وفادار اور ایثار وقربانی کے جذبہ سے سرشار ہوتی ہے۔ آپ تاریخ کا مطالعہ کریں یا موجودہ معاشرے اور ماحول کا بغور جائزہ لیں آپ کو صاف نظر آئے گا کہ ہر دور میں اقتدار کی رسہ کشی اور دولت وجائیداد کے حصول کے لیے کہیں باپ نے بیٹے کو قتل اور قید کیا تو کہیں بیٹے نے باپ کو قتل کردیا یا قید کرڈالا مگر کہیں بھی کسی بیٹی نے باپ کو قتل نہیں کیا بلکہ باپ کی خاطر قربانیاں دیں یا اس کو قربان کیا گیا۔ پہلے یہ کہا جاتا تھا کہ بیٹیاں شادی کے بعد پرائی ہوجاتی ہیں لیکن اب تو اکثر یہی دیکھا جارہا ہے کہ شادی کے بعد بیٹیاں پرائی نہیں بلکہ شادی کے بعد بیٹے والدین کے لئے پرائے ہوجاتے ہیں۔ جبکہ بیٹیاں شادی کے بعد بظاہر پرائی ہوکر بھی والدین کے لئے پرائی نہیں ہو جاتیں بلکہ مشکل وقت اور حالات میں بیٹیاں ہی اپنے والدین کے لیئے رحمت ثابت ہوتی ہیں۔ اس مختصر بحث یا جائزے کے بعد ہم پھر بھی اس سوچ میں پڑے ہوئے ہیں کہ کورونا وائرس کہاں کہاں اور کن ممالک میں بیٹی یا بیٹا ثابت ہورہا ہے۔ دنیا کے عالمی وبائی امراض میں یہ پہلا مرض ہے جس پر شکوک وشبہات اور سازشوں کے خدشے کا اظہار کیا جارہا ہے۔ اس کرونا وائرس کے موضوع پر امریکہ اور چین ایک دوسرے کے مدمقابل کھڑے ہیں اور ایک دوسرے پر سازش کا الزام لگا رہے ہیں۔ اس سے پہلے تاریخ میں جتنے بھی عالمی وبائی امراض پیدا ہوئے تھے ان پر کبھی بھی شکوک وشبہات اور سازشوں کے خدشات کا اظہار نہیں کیا گیا تھا اور اس کے ساتھ ساتھ کورونا وائرس دنیا کا پہلا اور عالمی مرض ہے کہ جس کے موضوع پر دنیا بھر کی زبانوں میں شاعری کی جارہی ہے اور پوری دنیا میں اس وقت سب سے زیادہ اسی موضوع پر ہی شاعری کی جا رہی ہے جس سے ایک نیا ادبی رجحان جنم لے چکا ہے اب تو اس شاعر کو شاعری نہیں مانا جاتا ہے کہ جو اس موضوع پر اشعار یا نظم وغیرہ نہ کہے اور اس مشاعرہ ہی نہیں مانا جاتا ہے جس مشاعرے میں کورونا کے موضوع پر نظم اور اشعار وغیرہ نہ پیش کیئے جاتے ہوں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کورونا دنیا کے لیئے بیٹا ثابت ہوتا ہے یا بیٹی اور رحمت ثابت ہوتا ہے یا زحمت۔ کیونکہ ہر چیز کے دو پہلو ہوتے ہیں منفی اور مثبت کورونا بظاہر انتہائی خطرناک اور تباہ کن ثابت ہورہا ہے لیکن اس کے بہت سے مثبت اثرات اور نتائج برآمد ہونے کے بھی قوی امکانات ہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



کچھ عرصے کرونا وائرس کے ساتھ رہنا ہوگا۔ عمران خان

بلوچستان کے عوام محب الوطن ہیں

ڈوبے ہے صنم تم کو بھی لے ڈوبے گے، دنیا کے کسی ملک کے سربراہ نے دشمن کے ملک میں بیٹھ کر آج تک اسی دھمکی نہیں دی ہوگی؟ لیکن پاکستانی سربراہان اور قوم میں یہ جرأت موجود ہیں جو اپنے ملک کے لئے جان دے سکتے ہیں اور جان لے بھی سکتے ہیں

پاکستانی عوام۔ اور بالخصوص اہل بلوچستان اپنے ملک سے بے حد محبت کرتے ہیں وہ محب الوطن شہری ہیں ایک خبر یہ بھی ہے کہ بھارتی میجر گوراو کی طرف سے بلوچستان کے بارے میں منفی بیان کے ردعمل میں تربت میں شہید معراج ہاؤ

شمال بقیہ 1

انسانی لاک ڈاؤن سے مقبوضہ کشمیر کے عوام کو بنیادی اشیا اور ادویات سے بھی محروم رکھا جا رہا ہے۔انہوں نے اپنی ٹویٹ میں لکھا کہ کشمیری نوجوانوں کو قید اور مواصلاتی رابطے ختم کرکے مقبوضہ کشمیر کو دنیا سے الگ کر دیا گیا ہے،مودی کشمیریوں کے حق خود ارادیت کو دہشتگردی کی اعانت سے جوڑنے کی کوشش کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مودی مقبوضہ کشمیر میں ریاستی دہشتگردی سے دنیا کی توجہ ہٹانے کی کوشش کر رہا ہے اور کشمیر سے دنیا کی توجہ ہٹانے کے لیے جھوٹے فلیگ آپریشن کی تیاری میں مصروف ہے۔دریں اثنا وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ مسلمان کی قوت اسکا ایمان ہے،اپنے ایمان کو مضبوط کرنے کیلئے اور ارشاد نبویؐ کی پیروی کرتے ہوئے صرف اللہ کی رضا اور ثواب کی خاطر رکھے گئے روزے،رب کریم کی طرف سے ہمارے تمام پچھلے گناہوں کی بخشش کا وعدہ ہیں۔اتوار کو ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں وزیراعظم عمران خان نے صحیح بخاری کی یہ حدیث مبارکہ بھی شیئر کی کہ ''جو رمضان میں حالت ایمان اور ثواب کی نیت سے روزہ رکھتا ہے تو اس کے پچھلے گناہ معاف کردیے جاتے ہیں'' وزیراعظم نے دعا کی کہ اللہ ہم سب کو توفیق عطا فرمائیں۔آمین۔

شمال بقیہ 2

کی تعداد 305 ہوگئی،سندھ میں 268، پنجاب میں 252، بلوچستان میں 36، اسلام آباد میں سات، گلگت میں چار اور آزاد کشمیر میں ایک موت ہوئی،کورونا سے متاثرہ 11 ہزار 341 مریض صحتیاب ہوگئے جبکہ گھنٹوں میں چودہ ہزار 175 کرونا ٹیسٹ کئے گئے ملک بھر میں اب تک تین لاکھ تہتر ہزار آٹھ سو دس کورونا ٹیسٹ کئے جاچکے ہیں۔

شمال بقیہ 3

انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کے ویژن کے مطابق پی پی آئی عوام کی خدمت جاری رکھوں گی، اپنے خلاف ہونے والی کاروائیوں کو میڈیا میں لانا چاہتی تھی لیکن میرے قائد وزیراعظم عمران خان کے صحیح آنے کے بعد نہیں کیا،انہوں نے کہا کہ میرے حلقے میں 2500 ووٹ لینے والی پارٹی ہیڈ سے ملنے کی کوشش کی انہوں نے میڈیا میں پھیلانے والے جلد ناکام ہونگے۔چند حکومتی سیاسی بولوں کی طرف سے میرے خلاف پراپیگنڈا جاری ہے وزیراعظم کو اس کا نوٹس لینا چاہیے،میں نے اپنی زبان بند رکھی ہوئی ہے اگر مجھے مجبور کیا گیا تو خاموش نہیں رہوں گی بلکہ ان بولوں کو نہ صرف منہ بند کروں گی بلکہ انہیں گھر تک چھوڑ کر آؤں گی۔

شمال بقیہ 4

6 سو 68 نئے کیسز سامنے آئے ہیں کل کیسز کا 59 فیصد گزشتہ 2 ہفتوں میں سامنے آئے ہیں اگر عوام نے ایس او پیز پر عمل نہ کیا تو سخت لاک ڈاؤن کرنے پر مجبور ہونگے ان خیالات کا اظہار لیاقت شاہوانی نے سول سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ تاجروں اور عوام کے مطالبے پر لاک ڈاؤن پر نرمی کی گئی ہے تاجر تنظیموں نے کورونا وائرس کے حوالے سے احتیاطی تدابیر پر سختی سے عملدرآمد کی یقین دہانی کرائی ہے تاجروں کی جانب سے ایس او پیز پر عملدرآمد نہیں ہو رہا ہے جس سے کورونا وائرس مزید پھیلنے کا خدشہ ہے عوام سے گزارش ہے احساس ذمہ داری کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر پر عمل کریں انہوں نے کہا ہے کہ پبلک ٹرانسپورٹ اونرز کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی کہ ایس او پیز پر عمل ہوگا پبلک ٹرانسپورٹ کھولنے کے حوالے سے وزیراعلیٰ جائزے کر فیصلہ کریں گے انہوں نے کہا ہے ایک ہفتے کے دوران صوبے میں 668 نئے کیسز سامنے آئے کل کیسز کا 59 فیصد گزشتہ دو ہفتوں میں سامنے آئے ہیں کورونا کی صورتحال کے دوران معاشی مسائل کو بھی نظر انداز نہیں کرسکتے صوبے میں 13 لاکھ سے زائد خاندان لاک ڈاؤن سے متاثر ہوئے ہیں۔

شمال بقیہ 5

کئی طاقت دیکھ لے، پرسوں تک ٹرین چلا دیں گے یا نہیں چلے گی۔انہوں نے کہا کہ میں کسی بھی صوبہ کا ماتحت نہیں، عمران خان سے ملاقات کا انتظار ہے،24 کروڑ روپے ہمارے پاس جمع ہیں، ہماری ایڈوانس بکنگ ہوتی ہے ہمیں یقین دہانی تھی کہ پیر ہم ٹرین چلائیں گے، پاکستان ریلوے اللہ کے بعد عمران خان اور میرے ماتحت ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں تھکا ہوا وزیر نہیں، نا ہی میرے رنگ پاسٹن بیٹھے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر بدھ تک ٹرین چلانے کی اجازت نہ ملی تو بکنگ کی مد کے 24 کروڑ روپے عوام کو واپس کر دیں گے،بلوچستان سے ایک جعفر ایکسپریس چلائی ہے، کیا مسئلہ ہے؟،اگر کراچی کا ٹریک کھلے گا تو ریلوے چلے گی۔انہوں نے کہا کہ جیسے پنجاب والوں نے اجازت دی وہ میرے دل میں ہے، کچھ کہنا نہیں چاہتا،انہوں نے کہا کہ استدعا ہے کہ ٹرین کو چلانے دیں، میں از خود بھی ریلوے چلانے کا فیصلہ کرسکتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ ٹکٹ کی قیمت نہیں بدلی ہمیں ساڑھے پانچ ارب روپے کا خسارہ ہے،ریلوے کے صوبوں کی ذمہ داری ہے، پرسوں کے بعد سفری ایس او پی پر کام نہیں کر سکتے۔انہوں نے کہا کہ مراد علی شاہ سے تعلقات اچھے ہیں لیکن فون پر بات نہیں کرنا چاہتا،کے سی آر کا معاملہ ہو تو مراد علی شاہ سے بات کروں۔انہوں نے کہا کہ 90 روز کی بکنگ ہوتی ہے،60 روز تو نکل چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عمران خان کی حکومت کو 5 سال چلتے دیکھ رہا ہوں، میں ٹیپ ترمیم کو ووٹ نہیں دوں گا، جو ترامیم کو ووٹ دے گا عوام کی نظر میں واضح نہیں رہے گا۔انہوں نے کہا کہ 31 جولائی سے پہلے جہاز دوبارہ دی جائے گی،شہباز شریف کو میری پارٹی والا سائٹ ویئر رکھنا چاہیے تھا۔انہوں نے کہا کہ کسی سے بھی الجھنا نہیں چاہتے،اگر 31 جولائی تک ترمیم نا ہوئی تو بڑی عید سے پہلے جہاز دوبارہ چلے گا۔

شمال بقیہ 6

آگاہ کرنے کیلئے مہم شروع کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ہی پیک کے پہلے مرحلے میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور توانائی کی پیداوار پر توجہ دی گئی جبکہ دوسرے مرحلے میں صنعتی تعاون اور سماجی و معاشی ترقی ہماری اولین ترجیحات ہیں۔خصوصی اقتصادی زونز اور ترجیحی زونز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اور فیڈک کے تحت علامہ اقبال انڈسٹریل سٹی بھی ان مقاصد کے حصول میں معاون ثابت ہوگا۔انہوں نے علامہ اقبال انڈسٹریل سٹی میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے پر میاں کاشف اشفاق کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لئے پورے خطے خصوصاً وسطی ایشیائی ممالک اور افغانستان کے سرمایہ کاروں کے ساتھ باہمی تعاون پر توجہ مرکوز کی جائے۔انہوں نے کہا کہ ہی پیک پورے خطے کے لئے گیم چینجر منصوبہ ہے اور امریکہ سمیت کسی بھی ملک پری پیک کے تحت قائم ہونے والے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری پر کوئی پابندی نہیں ہے۔

شمال بقیہ 7

اچکزئی نے کہا کہ وفاقی حکومت شروع دن سے صوبائی خودمختاری سلب کرنے اٹھارویں ترمیم کو رول بیک کرنے کے لیے پر تول رہی تھی اور کسی موقع کی تلاش میں تھی شاید اشرافیہ کی اسی خواہش کی بنا انہیں "سلیکٹ" کیا گیا حالیہ دسویں قومی مالیاتی کمیشن کی تشکیل انتہائی عجلت میں کی گئی اور یہ آئین کی رو سے غیر قانونی اور آئینی سے متصادم ہے بلوچستان اور پشتون خوا سے غیر مقامی افراد کا چناؤ ماورائے آئین ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کا حصہ ہونے کے ناطے ہمیں اس مسئلے پر اعتماد میں نہیں لیا گیا صوبائی حکومت پابند ہے۔

شمال بقیہ 8

جبار کو بلوچستان کی نمائندگی کیلئے مخالفت کیا ہے اس میں وفاقی حکومت کا قصور نہیں ہے وزیراعلیٰ کا اختیار ہے وہ کسی کو نامزد کرتے ہیں پھر وزیراعظم اس کا نوٹیفکیشن جاری کرتا ہے جاوید جبار بلوچستان کا نہیں ہے جس آدمی کو بلوچستان کی ترجیحی حقائق کا پتہ نہیں ہے وہ شخص بلوچستان کا کیس کیسے لڑے گا اتنے بڑے فورم پر انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی آبادی ایک کروڑ 30 لاکھ ہے پورے بلوچستان میں کوئی ایسا شخص نہیں ملا کہ ہمیں جبار کو ادھار میں لینا پڑا میرے خیال میں صوبائی حکومت نے جاوید جبار کی نامزدگی کر کے بلوچستان کے عوام کی توہین کیا ہے ہم کبھی برداشت نہیں کریں گے کل کی غلطیاں دوبارہ نہیں دہرائیں گے بلوچستان نے جب سے پاکستان بنا ہے دیا ہی ہے لیا نہیں ہے آج آٹے کی پیک آرہا ہے تو پاکستان مستفید ہو رہا ہے گوادر کی سمندر کی وجہ سے گوادر بلوچستان کا حصہ ہے گوادر کو نکال دیں ذرا سی پیک لا کے تو دکھائیں یہ جو پورے ملک میں موٹر وے ،اورنج ٹرین، میٹرو ٹرینیں اور پاور ہاؤسز بن رہے ہیں

شمال بقیہ 9

نے نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان فیڈریشن کے نام پر بنا ہے اور تمام قوموں کی برابری کی بنیاد پر بنا 73 سال بعد بھی اسی انگریز کا کالا قانون نافذ ہے ہمارا پارٹی کا منشور اور مطالبہ پہلے دن سے ہے کہ فاٹا میں ایک منتخب کونسل اور جرگہ ہونا چاہیے مگر انہوں نے فاٹا کو ضم کر دیا فاٹا کا ڈیڑھ کروڑ آبادی ہے وہاں پر مسلسل مارشل لا ہے اور نہ ہی قانونی وقومی ادارے ہیں فاٹا کو 41 سال سے دہشتگردوں کا بیس اسکیم بنا کر افغانستان بھجوائے جاتے تھے شہید عارف وزیر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی فاٹا کا اہم رہنما تھا عارف وزیر کا خاندان انگریزوں کیخلاف جنگیں لڑی ہیں پھر بھی وہ غدار ہے وفادار وہ ہے جو اس وقت انگریزوں کے جھوتے پاش کرتے تھے پنجاب کے استعماری مقتدر طبقات غداری کا سرٹیفکیٹ تقسیم کرتے ہیں ہم تو مانتے ہی نہیں ہیں اور نہ ہمیں غداری کا سرٹیفکیٹ کی ضرورت ہے ہمیں پشتونخوا اور 22 کروڑ عوام ہمیں عزیز ہیں خان شہید کا تصور یہ تھا کہ اس نے انگریزوں کیخلاف جدوجہد کیا تھا اور دو ان یونٹ کو مسترد کر دیا تھا اور جمہوریت انسانی حقوق کیلئے پاکستان سے ہندوستان تک اپنی جدوجہد کا سفر کیا تھا اور جیلوں کی صعوبتیں بھی برداشت کیا ہے۔

شمال بقیہ 10

ڈاؤن نہیں کر سکتی، ہم کرونا وائرس کے اعداد و شمار کو دیکھتے ہوئے حکمت عملی بناتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ لاک ڈاؤن سے دیہاڑی دار طبقے پر سخت دباؤ آیا ہے، وزیراعظم نے لاک ڈاؤن کھولنے کی مجبوریوں سے آگاہ کیا تھا، غیر ذمہ داری کا کوئی علاج نہیں، عوام نہیں سن رہے، عوام ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں کریں گے تو ہم بھی مجبور ہوں گے۔شبلی فراز نے کہا کہ حکومت کسی حد تک برداشت کرلے گی لیکن غیر ذمہ داری سے نقصان ہوگا اسی لیے ہم نے 500 سے زائد مقامات کو سیل کیا ہے۔وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ حکومت کے احکامات پر عملدرآمد نہیں ہوگا تو سختی بھی کی جاسکتی ہے، حکومت کا کام آسانیاں پیدا کرنا اور عوام کا کام عملدرآمد کرنا ہے۔رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ پاکستان میں اللہ کا شکر ہے کرونا نے اندازوں کو غلط ثابت کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی سے لاک ڈاؤن مانیٹر کر رہے ہیں، 500 مقامات سیل کردیے، وقت کیساتھ ہماری مانیٹرنگ بہتر اور موثر ہوتی جارہی ہے، کرونا وائرس ابھی ختم نہیں ہوا۔شبلی فراز نے دیہاڑی دار طبقے سے متعلق کہا کہ زیادہ عرصے تک لاک ڈاؤن نہیں رکھ سکتے، ہم چاہتے ہیں مزدور طبقے کی روزی چلے اور معاشی مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے کہا کہ ایس او پیز پر عمل نہیں ہوگا مجبوری میں حکومت کو بھی اقدامات اٹھانا پڑیں گے،عوام کو معلومات دینا ہماری ذمہ داری ہے۔

شمال بقیہ 11

میں مراد سعید نے کہا کہ بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ۔مراد سعید نے کہا کہ بڑے میاں لندن تو چھوٹے میاں پاکستان میں روپوش ہوگئے، بڑے میاں علاج کے بہانے لندن نکل گئے چھوٹے میاں کرونا کا جام لیکر زیر زمین چھپ گئے، رسیدیں نہ بڑے میاں کو ملیں نہ ہی چھوٹے میاں کو مل رہی ہیں، بڑے میاں نے سمدھی ساتھ ملا کر لوٹ مار اور منی لانڈرنگ کرتے رہے۔مراد سعید نے کہا کہ چھوٹے میاں بیٹے کے کلاس فیلوز اور ذاتی ملازمین کے ذریعے کرپشن کا پیسہ ٹھکانے لگاتے رہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ بڑے میاں نے آف شور کمپنیاں کا جال بچھایا، چھوٹے میاں نے جعلی اکاؤنٹس کے ذریعے کام چلایا۔

شمال بقیہ 12

مسلسل نظر انداز کیا جارہا ہے کئی لیکچرز تین تین مرتبہ اپ گریڈ ہوچکی ہیں لیکن اسٹینوگرافر تاحال 14 گریڈ میں فرائض انجام دے رہے ہیں سیکرٹریٹ کے علاوہ ایجنڈ محکموں میں اسٹینوگرافر کیلئے مناسب سروس اسٹرکچر بھی نہیں اور اسٹینوگرافرز کی اکثریت جس گریڈ میں بھرتی ہوتی ہے اسی میں ریٹائرڈ ہوجاتی ہے وفد نے بتایا کہ عدلیہ میں اسٹینوگرافر گریڈ 16 میں کام کررہے ہیں جبکہ ایجنڈ محکموں میں گریڈ 14 دیا گیا ہے وفد نے کہا کہ ملک کی سب سے بڑی عدالت نے بھی گزشتہ دنوں احکامات جاری کئے تھے کہ تمام ملازمین کی مراعات یکساں ہونی چاہئیں جس پر ایم پی اے قادر علی نائل نے کہا کہ وہ اسٹینوگرافر کی اپ گریڈیشن کے مسئلے سے آگاہ ہیں صوبائی وزیر خزانہ ظہور بلیدی ان دنوں کورونا کی وجہ سے قرنطینہ میں ہیں جیسے ہی انکا قرنطینہ کا دورانیہ ختم ہوا اور وہ روبصحت ہوئے وہ صوبائی وزیر اور سیکرٹری خزانہ سے ملاقات کرکے مسئلے کے حل کیلئے پوری کوشش کریں گے اور کوشش ہوگی کہ رواں بجٹ میں اسٹینوگرافر کی اپ گریڈیشن کا اعلان کردیا جائے اور ایجنڈ محکموں کے اسٹینوگرافر کیلئے مناسب سروس اسٹرکچر تشکیل دیا جاسکے تاکہ وہ بھی اعلیٰ عہدوں پر ترقی پاسکیں۔

شمال بقیہ 13

ہوجائے گا۔کراچی سندھ کا بڑا شہر ہے یہاں ہر صوبے کی عوام بستی ہے ریلوے اسٹیشن پر ہجوم بڑھ جائے گا۔اویس شاہ نے کہا کہ شیخ رشید کو عوام کی زندگیوں کی فکر کم اور ٹرین چلانے کی فکر زیادہ ہے۔شیخ صاحب آپ صوبے کے محتاج نہیں تو صوبے بھی آپ کے محتاج نہیں ہیں۔صوبائی وزیر نے کہا کہ عید قریب ہے اگر ٹرینیں چلیں تو پھر ایک لاکھ سے اوپر کیسز ہوجائیں گے۔

شمال بقیہ 14

نے کہا کہ قائد اعظم یونی ورسٹی کی ڈگری کو جعلی قرار دیکر برطرف کیا گیا،ایاز صادق نے خود کو چیس بورڈ کا صدر مقررہ وقت سے پہلے نوٹیفائی کرنے کا حکم دیا،اس وقت کے چیئرمین سینیٹ کی ہدایات کے مطابق ایاز صادق کو صدر نوٹیفائے کرنے سے انکار کیا۔شکایت میں کہا گیا کہ ایاز صادق نے مجھ پر خاتون کو ہراساں کرنے کا جھوٹا الزام لگایا،میرا موقف کو سنے اور اظہار وجوہ کے نوٹس کے بغیر ملازمت سے فارغ کیا گیا،جس جھوٹے الزام پر تحقیقاتی کمیٹی بنائی گئی اس نے بھی کوئی سزا تجویز نہیں کی ،صادق سنجرانی پر شہباز شریف اور ایاز صادق کا دباؤ ہے،ایاز صادق سمیت معاملے سے متعلق تمام ثبوت موجود ہیں۔درخواست میں کہا گیا کہ وزیراعظم معاملے کا نوٹس لیکر ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

شمال بقیہ 15

انفرادی حفاظتی سامان کے درست اور موثر استعمال کیلئے تربیتی دستاویزی فلم کا اجراء کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ابتدائی طور پر این ڈی ایم اے نے انفرادی حفاظتی سامان کی متواتر فراہمی یقینی بنائی۔ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ اب انفرادی حفاظتی سامان کے احسن استعمال پر رہنما اصول کا ازسرنو اجرا کیا۔ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ ایک لاکھ فیلڈ ہیلتھ ورکرز کیلئے محدود دورانیہ کے تربیتی کورسز کا آغاز کیا ہے۔

شمال بقیہ 16

کرنا ضروری تھا۔یہ گورنمنٹ آف گلگت۔بلتستان آرڈر 2018 ایس آر نمبر 2018، (1)704 کی ترمیم کے لیے فائدہ مند ہے۔یہ آرڈر گلگت۔بلتستان (الیکشنز اینڈ کیریئر گورنمنٹ) امینڈمنٹ آرڈر 2020 کہلائیگا، صدارتی حکم کے ذریعے اس میں نیا آرٹیکل 48۔اے شامل کیا گیا ہے۔صدارتی حکم میں کہا گیا کہ حکومت گلگت۔بلتستان کے آرٹیکل۔48 کے بعد نیا آرٹیکل شامل کیا جائے گا۔الیکشنز ایکٹ 2017 کے تحت پاکستان میں نافذ تمام قوانین گلگت۔بلتستان میں بھی اپنائیں جائیں گے۔اس میں کہا گیا کہ مجوزہ گلگت۔بلتستان ریفارمز 2019 کے آرٹیکل (5)56 کے تحت گلگت۔بلتستان کے وزیراعلیٰ، اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور وفاقی وزیر برائے امور کشمیر اور گلگت۔بلتستان کو گورنر وزیراعلیٰ کے لیے ایک بل اس زائد ناموں پر متفق ہونا چاہیے۔

شمال بقیہ 17

رہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بھارت ثبت کردار ادا کرے تو افغان طالبان کو کوئی مسئلہ نہیں، وہ بھی مذاکرات کے لیے تیار ہوجائیں گے۔افغان میڈیا کے مطابق امریکا کے نمائندہ برائے افغان امن عمل خصوصی زلمے خلیل زاد نے اس سلسلے میں بھارتی قیادت سے ملاقات کی بھی ہے اور امریکا نے اس بات پر زور دیا ہے کہ بھارت بھی افغان امن عمل کا حصہ بنے۔

شمال بقیہ 18

محکمہ صحت و دیگر سرکاری و غیر سرکاری ادارے جو ملیریا سے جنگ لڑ رہے تھے فی الحال مکمل طور پر غائب ہیں ندی پھر مارا سپرے شروع کردیا گیا ہے اور نہ ہی عوام کو ادویات فراہم کررہے ہیں ڈی شعور حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکومتی عہدیداروں سے اپیل کی کہ جلد از جلد کوہلو میں پھر مارا سپرے شروع کریں۔

شمال بقیہ 19

30 لاکھ سے بھی کم آبادی میں 30 ہزار سے زائد افراد میں کورونا کی تصدیق ہوئی ہے۔فی کس آمدنی کے اعتبار سے دنیا کی امیر ترین ریاستوں میں سے ایک قطر میں مساجد، سکول اور شاپنگ مال بند ہیں، 2022 کے فیفا ورلڈ کپ کی میزبانی کے لیے حفاظتی اقدامات کے ساتھ تعمیراتی سرگرمیاں جاری ہیں۔

شمال بقیہ 20

نمائندگان سے منظور ہونے والے 'ہیروز ایکٹ' میں ایک کھرب ڈالر مقامی حکومتوں کے لیے رکھے گئے ہیں جب کہ مصدقہ مہاجرین سمیت ہر فیملی کے لیے 6000 ڈالر، 200 ارب ڈالر خصوصی ورکرز کے لیے اور 75 ارب ڈالر کورونا وائرس کی ٹیسٹنگ اور اس کی تشخیص کے لیے رکھے گئے ہیں۔وائٹ ہاؤس اور امریکی سینیٹ کے اراکین کی جانب سے بل کی شدید مخالفت کی گئی اور کہا گیا کہ بل کو سینیٹ میں مسترد کر دیا جائے گا۔ایوان نمائندگان کی اسپیکر نینسی پلوسی کا کہنا تھا کہ امریکی بہت سے معاملات میں بہت زیادہ مشکلات برداشت کررہے ہیں، ہمیں ان کے درد کا احساس ہونا چاہیے، اس صورت حال میں بھی ان کے لیے کچھ نہ کرنا انسانی حقوق کے اعتبار سے غیر ذمہ دارانہ فعل ہوگا کیونکہ اس سے نہ صرف مزید انسانی جانیں ضائع ہوں گی بلکہ انسانی زندگی، بجٹ کی رقم اور جمہوریت متاثر ہوگی۔یاد رہے کہ اس سے قبل مارچ میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 2 کھرب ڈالر کے تاریخی نیل آؤٹ پیکج پر دستخط کیے تھے جس کی منظوری امریکی سینیٹ نے دی تھی۔

شمال بقیہ 21

موقع پر مسلم لیگ (ن) کے صوبائی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری نصیر خان اچکزئی، کوئٹہ ڈویژن کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، نصیر آباد ڈویژن کے صدر ملک اسد سلانی، سابق ڈپٹی میئر پولس بلوچ، جاوید اعوان، طارق بٹ، میر واس کاکڑ بھی انکے ہمراہ تھے، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی خراب صورتحال کے باعث ہم نے کئی لوگوں کو کھو دیا ہے صوبے میں ایک بار پھر بدامنی اور قتل وغارت کی لہر تشویشناک ہے انہوں نے کہا کہ میر شہیر احمد بنگلزئی پارٹی کا اثاثہ تھے انکی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے، مشکل کی اس گھڑی میں شہید میر شہیر احمد بنگلزئی کے خاندان کے ساتھ ہیں اور انکی ہر ممکن معاونت کریں گے،انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ جلد از جلد میر شہیر احمد بنگلزئی کے قاتلوں کی گرفتاری عمل میں لا کر متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کرے۔

شمال بقیہ 22

کی اس کارروائی سے ڈپٹی کمشنر چاغی شیخ نجیب ناخوش ہیں اور لیویز اہلکار مقدمہ درج نہیں کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے اس واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ آغا تیمور شاہ سے انکوائری کرائی جس کی رپورٹ سامنے آنے کے بعد چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ریٹائرڈ) فضیل اصغر نے سابق اسسٹنٹ کمشنر دالبندین انجینئر عائشہ زہری کو تمام واقعہ کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے شوکاز نوٹس بھیج دیا ہے۔

شمال بقیہ 23

گذشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا وائرس سے 51 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ایران میں اس وائرس سے مرنے والوں کی تعداد 6988 ہوگئی۔ان کے مطابق اس وقت 2705 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے جبکہ اس وائرس سے صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 94464 ہوگئی ہے۔ایران میں اس وائرس کی تشخیص کے لیے اس وقت کل 683935 ٹیسٹ کیے جاچکے ہیں۔

شمال بقیہ 24

ہدایت پر پرائس کنٹرول کمیٹی نے مرغی فی کلو 280 روپے اور گوشت فی کلو 850 روپے مقرر کرکے قصابوں کو پرائس لسٹ تھما دی ہے سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد نہ کرنے والے قصابوں کے خلاف انتظامی کارروائی کے بعد قصابوں نے ہنگامی اجلاس منعقد کرنے کے بعد سرکاری نرخ نامے کو مسترد کرتے ہوئے مرغی اور گوشت کی فروخت سے انکار کردیا ہے قصاب یونین کے صدر نائب سکندر علی گولہ نے صحافیوں کو بتایا ہے کہ سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کرنے سے قصابوں کو مرغی گوشت پر فی کلو 40 روپے اور گوشت پر فی کلو 90 روپے نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے لاک ڈاؤن کے باعث سندھ سے ڈیرہ اللہ یار مرغیوں کی ترسیل اور بکروں کی خریداری مشکل کیساتھ مہنگی ہوگئی ہے ایک صحتمند بکرا 15 ہزار سے 16 ہزار روپے میں خرید لیتے تھے اس بکرے کی قیمت 25 ہزار سے 28 ہزار روپے ہوگئی ہے پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس میں قصابوں کی جانب سے گوشت فی کلو 980 روپے جبکہ مرغی 340 روپے کی سفارش کی گئی جس کو مسترد کیا گیا ہے مجبور ہوکر نقصان سے بچنے کے لیے قصاب خانوں کو تالے لگا دیئے ہیں جب تک مناسب قیمت مقرر نہیں کیا جاتا قصاب خانے بند رہیں گے۔

شمال بقیہ 25

ہوئے اور ایک بیان میں احسن اقبال نے کہا کہ حکومت سے لاک ڈاؤن تو نہیں ہوسکا لیکن حکومت نے اپنی عقل ڈاؤن ہونے کا ثبوت دیدیا ہے،اس وقت ملک میں کرونا کو بولونا لکھو اور پوچھو نا بنا دیا گیا ہے، اگر لکھو گے، بولو گے اور پوچھو گے تو نیب پیچھے پڑے گا اور جیل جاؤ گے۔انہوں نے کہا کہ دنیا کی کوئی حکومت انتظامی ایجنڈے کے ساتھ کامیاب نہیں ہوسکتی، ہم حکومت کے ہتھکنڈوں سے نہیں ڈرتے، میں بھی جیل دیکھ آیا ہوں، نیب دیکھ آیا ہوں، دوبارہ بھی حکومت پہنچنے کی تو کوئی فرق نہیں پڑے گا۔احسن اقبال نے کہا کہ حکومت نے احتساب اور انتقام کو اس حد تک بدنام کردیا ہے کہ اگر نیب کسی کو بلائے تو اس کا قد بلند ہوجاتا ہے۔

شمال بقیہ 26

میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف ایک ہی ہیں البتہ ایک سکے کے دو ہی رخ ہوتے ہیں، جب کسی چیل میں سکہ پھینکا جاتا ہے تو وہ کبھی کسی رخ تو کبھی کسی رخ بیٹھتا ہے، سکے کے ایک رخ پر بڑے میاں ''ووٹ کے تقدس'' کی بات کررہے ہیں تو دوسرے رخ پر چھوٹے میاں ''بوٹ کے تقدس'' کی بات کررہے ہیں سکہ ایک ہی ہے لیکن رخ الگ الگ ہے۔انہوں نے کہا کہ شیخ رشید نے پیشگوئی کی ہے کہ عید کے بعد دونوں طرف سے گرفتاریاں ہوں گی شیخ رشید کی پیشگوئیاں دو سال سے درست ثابت نہیں ہورہی اور اب وہ ایکسپوز ہوچکے ہیں کیوں کہ وہ گذشتہ دو سال سے یہی باتیں کررہے ہیں کہ شریف برادران کا احتساب ہوگا لیکن دونوں بھائی لندن جا پہنچے۔

شمال بقیہ 27

درمیان اسلام آباد سے بھیجے گئے یہ راشن تقسیم کیا جسمیں ہر بندے کو بیس کلو آٹا اور پانچ کلو گی فراہم کی گئی۔یاد رہے اس وقت سینکڑوں لوگ راشن لینے کے لیے موجود تھے۔چونکہ راشن صرف 80 کے قریب لوگوں کو فراہم کیا گیا۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نوشکی ثوبان سلیم دشتی نے لکھا کہ صاحب ثروت لوگوں کو آگے آنا چاہیے۔تاکہ رمضان کے مبارک مہینے میں غریب لوگوں کی کفالت ہو۔کیونکہ کرونا وائرس اور لاک ڈاؤن کی وجہ سے لوگ بے روزگار ہوگئے ہیں۔دانشور اور صحافی بارجان بادینی نے کہا کہ سینیٹر محمد علیہ محمود ایک غریب پرور شخصیت کے مالک ہیں وہ کے پی کے سے لیکر بلوچستان اور سندھ سے لیکر پنجاب تک ہمیشہ غریبوں کی دادرسی کرتا رہا ہے۔امید ہے وہ آئندہ نوشکی اور علاقے کے عوام کی مزید مدد کریں گے۔نوشکی میں خواتین نے درخواست کی کہ انہیں سلائی مشین فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنے بچوں کو خود کفالت کرسکے۔یاد رہے کہ گل بادینی میں یتیم بیوہ خواتین کے درمیان گھی اور آٹا تقسیم کیا گیا۔

شمال بقیہ 28

ایران سے مزید 38 پاکستانی قفتان بارڈر پہنچ گئے ایران سے آنے والے پاکستانیوں کی اسکریننگ کے بعد کرونا ٹیسٹ بھی قفتان بارڈر میں کی جارہی ہے لیویز ذرائع کے مطابق ایران سے آنے والے تمام پاکستانیوں کے کرونا ٹیسٹ لیئے جارہے ہیں اور وقفے وقفے سے روزانہ ایران سے پاکستانیوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے تمام پاکستانیوں کو قرطینہ میں منتقل کردیا گیا۔

شمال بقیہ 29

شیرانی کے علاقے دانہ سر سے ایک شخص گل شاہ ولد عطا محمد قوم ناصر ساکن پشاور کی لاش برآمد ہوئی ہے ذرائع کے مطابق گذشتہ رات مقتول نے زخمی حالت میں اپنے گھر کو فون پر آگاہ کرتے بتایا تھا کہ کوئٹہ سے ڈوب پہنچنے کے بعد ڈوب سے نوڈی گاڑی میں دیگر تین نامعلوم سواریوں کے ہمراہ ڈی آئی خان کے لئے روانہ ہوا تاہم راستے میں سیکورٹی فورسز کے چیک پوسٹ سے گذرنے کے بعد گاڑی میں سوار افراد نے انہیں ایک نامعلوم مقام پر کھائی میں پھینک کر فرار ہوگئے اس اطلاع پر ڈوب پولیس نے ناکہ بندی کرتے ہوئے تلاش شروع کردی تاہم اس شخص کی لاش آج دانہ سرشیرانی کے علاقے سے ملنے پر ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈوب منتقل کردیا گیا ذرائع کے مطابق مذکورہ ایک بڑے کاروباری شخص تھے جن کے پاس ممکنہ طور پر رقم موجودگی کی وجہ سے قتل کردیا گیا ہے لاش کو پشاور روانہ کردیا گیا۔

شمال بقیہ 30

مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ ایکسائز اینٹی نارکوٹکس کے ڈائریکٹر کی خالی پوسٹ پر فوری طور پر محکمے کے کسی سینئر افسر کو تعینات کیا جائے۔یہ بات آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) ایکسائز کے صدر زاہد بلوچ، جنرل سیکرٹری عصمت درانی، سینئر نائب صدر بلال مینگل، سینئر نائب صدر حاجی امجد علی خان، جنیئر مین محمد گل، شازمان، حاجی قسمت، کیم کاکڑ اور دیگر نے اتوار کو اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ ایکسائز ٹیکسیشن اینٹی نارکوٹکس کے ڈائریکٹر کی پوسٹ اسوقت خالی ہے ڈائریکٹر جنرل ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس فوری طور پر ڈائریکٹر ایکسائز کی خالی پوسٹ پر دفتر کے ہی کسی سینئر اور مخلص افسر کو تعینات کریں انہوں نے کہا کہ پوسٹ کسی باہر کے افسر کو دینے سے اچھا ہے کہ ہمارے اپنے ہی ڈپارٹ

کوئٹہ: صوبائی مشیر و چیئرپرسن کوڈی اے بشریٰ رند کے فنڈ سے جناح ٹاؤن کی سڑکوں کی تعمیر کا کام جاری ہے

میرے حلقہ انتخاب میں روڈ کا بہترین نیٹ ورک موجود ہے، نور محمد دمڑ

موجودہ حکومت نے سڑکوں اور شاہراہوں کی تعمیر کو اپنی ترجیح قرار دے کر معاشی ترقی اور سماجی انقلاب کی بنیاد رکھ دی ہے

20 کروڑ کی لاگت سے سنجاوی زیارت روڈ 30 جون تک مکمل ہو جائے گا، صوبائی وزیر کی سنجاوی زیارت روڈ کی افتتاح کے موقع پر گفتگو

صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ زیارت سنجاوی روڈ کی تعمیراتی کام شروع کرنے کا افتتاح کر رہے ہیں

ہرنائی (نامہ نگار) پی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای و اسما حاجی نور محمد خان دمڑ نے سنجاوی زیارت روڈ کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 20 کروڑ روپے کی لاگت سے سنجاوی زیارت روڈ 30 جون سے پہلے مکمل ہو جائیگا پی ایس ڈی پی 20219۔ 2020ء میں شامل ہے زیارت سنجاوی روڈ کو پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کیلئے بھرپور کوشش کیا گیا انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت نے صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ سنجاوی زیارت جس سے 20 کروڑ روپے منظور کئے گئے تھے 18 کلومیٹر پر مشتمل ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ موجودہ حکومت سڑکوں اور شاہراہوں کی تعمیر کو اپنی ترجیح قرار دے کر معاشی اور سماجی انقلاب کی بنیاد رکھ دی ہے سنجاوی کے علاقے میں تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر

امام مسجد کا احترام کریں، امام اللہ کی بارگاہ میں ہمارا سفارشی ہے، علامہ محمد الیاس عطار قادری

امام اور مقتدی کے درجے میں فرق ہے، مذہب نصیب امام کی ایسی مدد کریں کہ وہ بھی کفایت کے ساتھ زندگی گزاریں

امام مساجد کا بھی گھر بار ہوتا ہے، والدین ہوتے ہیں، اہل و عیال ہوتے ہیں، امیر اہلسنت

کوئٹہ (آن لائن) امیر اہلسنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے کہا ہے کہ جب جاہ و مقام اور ریاکاری حرام ہے اپنی دعوا و پسند کرنا جب جاہ ہے اور اپنی عبادت کا اظہار اس نیت سے کرنا کہ لوگوں کے دل میں عزت پیدا ہو یا کچھ مالی فائدہ مل جائے یہ ریاکاری ہے، اپنا عمل ظاہر کر کے دنیا کا فائدہ و الفاظ ریاکاری ہے۔ امیر اہلسنت نے امام مسجد کے ادب و احترام سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آئمہ مساجد سفید پوش ہوتے ہیں یہ کسی سے نہیں مانگتے نہ ہی یہ لوگ عام لوگوں کی تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر

پریس کلب کے جنرل سیکرٹری علی حسن کے والد کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری

اوستہ محمد (آن لائن) پریس کلب کے جنرل سیکرٹری علی حسن کے والد کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری، تعلیمات کے مطابق پریس کلب کے جنرل سیکرٹری کے والد عبدالعزیز ڈنگی کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری ہے ان کے تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

صوبے میں ایک بار پھر بدامنی اور قتل و غارت کی لہر تشویشناک ہے، ن لیگ بلوچستان

بلوچستان میں امن و امان کی خراب صورتحال کے باعث ہم نے کئی لوگوں کو کھو دیا ہے

میر شیر احمد بنگلزئی پارٹی کا اثاثہ تھے جنکی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے، سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ میر شیر احمد بنگلزئی پارٹی کے بہترین رہنما اس میں سے تھے جنکی پارٹی اور معاشرے کے لئے خدمات کو اج عقیدت پیش کرتے ہیں، حکومت شیر احمد بنگلزئی کے قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کر کے انہیں قانون کے مطابق سزا دلوائے، یہ بات انہوں نے پارٹی وفد کے ہمراہ مستونگ میں میر شیر احمد بنگلزئی کے لواحقین سے فاتحہ خوانی کے تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: بی این پی کے مرکزی سی سی کے ممبر غلام نبی مری اور دیگر شادی خان بلوچ کی ایلبسی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

گندم اور کھاری فیڈر گزشتہ ایک ہفتے سے بند ہے، روزہ دار گرمی سے بلبلا اٹھے سخت اذیت میں مبتلا ہیں

مچھ مستی (نمائندہ خصوصی) گندم اور کھاری فیڈر گزشتہ ایک ہفتے سے بند ہے، روزہ دار گرمی سے بلبلا اٹھے سخت اذیت میں مبتلا ہیں۔ بلیان کو وہ مچھ مستی گندم اور کھاری فیڈر کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جا رہا ہے گزشتہ تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

عبدالمجید آرائیں کی خصوصی ہدایت پر رمضان المبارک تحفہ کھجور دوست و احباب تک پہنچانے کا سلسلہ جاری

گندم اور (نامہ نگار) مرکزی تنظیم آرائیں پاکستان کے سرپرست اعلیٰ جناب عبدالمجید آرائیں کی خصوصی ہدایت پر رمضان المبارک تحفہ کھجور دوست و احباب تک پہنچانے کا سلسلہ جاری۔ رمضان المبارک تحفہ کھجور مرکزی تنظیم آرائیں تفصیل نمبر 57 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کو شکست دیں گے بہت جلد ملک پاکستان سے کورونا وائرس کو بھگائیں گے، ڈاکٹر محمد داؤد مری

ماہرین لاک ڈاؤن سے نہ جائز کا کمرہ نہ اٹھایا جائے، بوضرورت باہر نہ نکلیں باہر نکلتے وقت ماسک کا استعمال ضرور کریں

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) کورونا وائرس کو شکست دیں گے بہت جلد ملک پاکستان سے کورونا وائرس کو بھگائیں گے تفصیلات کے مطابق ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈویژن ڈاکٹر محمد داؤد مری نے کورونا وائرس سے بچاؤ اور احتیاطی تدابیر پر عمل درآمد کرانے اور عوام میں آگاہی مہم کے سلسلے میں بی ایچ یو ڈیرہ بگٹی کے مختلف شہروں اور تحصیلوں کا دورہ کر رہے ہیں ڈاکٹر داؤد مری نے ڈیرہ بگٹی اور ڈیرہ بگٹی کے تحصیل پھیلاؤ کے ہسپتال اور بی ایچ یو کا دورہ کیا وہاں موجود اسٹاف کو کورونا وائرس سے لڑنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہنے کی ہدایت کی ڈاکٹر محمد داؤد مری نے وہاں پر موجود مریضوں کا کورونا ٹیسٹ بھی چیک کیا بی ایچ یو زمیں میں تفصیل نمبر 58 صفحہ 3 پر

قبائلی تنازعات کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے، مولانا مفتی محمد قاسم

قبائلی تنازعات علاقے کی ترقی اور خوشحالی میں رکاوٹ ہے

مچھ (آن لائن) شہید اسلام مولانا محمد حنیف کے جانشین اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا مفتی محمد قاسم نے عشیرتی قبیلہ کی ذیلی شاخوں حاجی خانون حاجی دیبانی اور حاجی رحمت اللہ مولانا سیف اللہ کے خاندانوں کے درمیان تنازعہ کے تصفیہ کے موقع پر قبائلی جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قبائلی تنازعات کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے قبائلی تنازعات کا خاتمہ ہی ترقی و خوشحالی کی ضمانت ہے قبائلی تنازعات علاقے کی ترقی اور خوشحالی میں رکاوٹ ہے قبائلی عمائدین اور تعصب کے خاتمے کیلئے تمام قومی قبائلی مشران علماء کرام و ذاکرین طریقت و شریعت اپنا مثبت اور اہم کردار ادا کریں۔

صوبائی مشیر برائے ایکسائز ملک نعیم خان بازئی، حاجی رشید، ملک آصف کاکڑ، بلال کاسی و دیگر اندڑ آباد کلی کتیر کچلاک میں سڑک کے افتتاح کے موقع پر عوام سے خطاب کر رہے ہیں

بھارتی حکومت کورونا وائرس کی آڑ میں کشمیر میں نسل کشی کر رہی ہے، پیپلز موومنٹ

بھارت مقبوضہ کشمیر کے سرحدی علاقوں میں آر ایس ایس کے غنڈوں کے ذریعے دہشت پھیلا رہا ہے، عبدالمجید ملک

اسلام آباد (این این آئی) جموں و کشمیر پیپلز موومنٹ کے دانش چیئرمین عبدالمجید ملک نے کہا ہے کہ ایک طرف پوری دنیا کورونا وائرس کی لپیٹ میں ہیں اور دوسری طرف بھارتی حکومت کورونا وائرس کی آڑ میں کشمیر میں نسل کشی میں مصروف ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق عبدالمجید ملک تفصیل نمبر 67 صفحہ 3 پر

بھاگ کے علاقوں میں گذشتہ سیلابی پانی سے علاقہ سرسبز و شاداب ہوئے ہیں، منظور احمد ایری

بھاگ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما کامریڈ منظور احمد ایری نے اپنے بیان میں کہا کہ بھاگ کے علاقوں میں گذشتہ سیلابی پانی سے علاقہ سرسبز و شاداب ہوئے تفصیل نمبر 66 صفحہ 3 پر

میٹرک کی طلبہ کو غیر امتحان نیکسٹ ایئر پروموٹ کرنے کے حکومتی فیصلے سے موافقت نہیں کرتے، حضرت علی کاکڑ

ہمارا ملک لاک ڈاؤن برداشت نہیں کر سکتا تمام اداروں کے ساتھ تعلیمی ادارے بھی کھولے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) فراہ سکولز ایسوسی ایشن بلوچستان صوبائی صدر حضرت علی کاکڑ جنرل سیکرٹری مولوی نعمت اللہ سینئر نائب صدر قاری محمد اسلم پریس سیکرٹری مولوی محمد جیلانی ڈاکٹر صلاح الدین عبدالظاہر کاکڑ سراج الدین مولوی محمد انور محمد نعیم کاکڑ اکرم مختار حاجی مہربان اچکزئی ڈاکٹر شفیق الرحمن لاکھو مفتی اکرام اللہ بزدار حافظ نصیب اللہ حافظ محمد علی مولوی زین اللہ رفیع اللہ برشوری امین اللہ کاکڑ تفصیل نمبر 65 صفحہ 3 پر

ینگ ڈاکٹرز نے پیرامیڈیکس کو ہراساں کرنے کا معمول بنا لیا ہے، حاجی ریاض کشمیری

ینگ ڈاکٹرز اپنا قبلہ درست کریں ہمیں ہر بات کا جواب دینا بخوبی آتا ہے

لورالائی (آن لائن) پیرا میڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن لورالائی کا ہنگامی اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر ایم سعید خان بوری وال منعقد ہوا اجلاس میں چیرمین حاجی ریاض کشمیری، جنرل سیکرٹری محمد نواز ناصر سینئر نائب صدر حاجی نصیب اللہ اور دیگر عہدہ داروں کے علاوہ سینئر پیرا میڈیکس نے بھی شرکت کی اجلاس میں ینگ ڈاکٹرز کی جانب سے پیرا میڈیکس کو زدوکوب کرنے اور تفصیل نمبر 68 صفحہ 3 پر

شہباز اور اس کے کرپشن کے ساتھی جلد جیل ہو گئے، ڈاکٹر شاہد صدیق

40 سال سے ملک اور قوم کو لوٹنے والے بے نقاب ہو چکے ان سے پائی پائی کا حساب لیا جائے گا

لاہور (این این آئی) ترجمان پنجاب حکومت چیئرمین لاہور ایئرپورٹ کلچر ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ شہباز اور اس کے کرپشن کے ساتھی جلد جیل ہو گئے 40 سال سے ملک اور قوم کو لوٹنے والے بے نقاب ہو چکے ان سے پائی پائی کا حساب لیا جائے گا تحریک انصاف نے دو خاندانوں کی سیاست کو ہمیشہ کیلئے ختم کر دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شہباز شریف اور اس کے حواری گرفتاری کے خوف سے گھبرائے ہوئے ہیں۔

ہر بچے کو تعلیم و صحت دے کر معاشرے کا کارآمد شہری بنانا ہمارا فرض ہے، ڈاکٹر فضہ خان

معاشرے کو جہالت کے اندھیروں سے دور کرنے کیلئے سب مل کر ہمارا ساتھ دیں، چیئرپرسن SKZ کی گفتگو

خانیوال (این این آئی) بچوں کی تعلیم و صحت کیلئے کوشاں سماجی تنظیم سایہ خدائے ذوالجلال آرگنائزیشن کی چیئرپرسن ڈاکٹر فضہ خان نے کہا ہے کہ تعلیم حاصل کرنا ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور ہم بچوں کو زیور تعلیم اور ان کی ابھی صحت کے لئے اقدامات کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہماری تنظیم کی کاوشوں کی بدولت ہزاروں مستحق خاندانوں کے بچے مفت تعلیم حاصل کر رہے ہیں ہزاروں مستحق خاندانوں کے بچے مفت تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

حکمرانوں کو عوام اور سیاسی کارکنوں کا زرہ برابر بھی احساس نہیں، ڈاکٹر مالک بلوچ

عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے تمام لاپتہ افراد کو بازیاب کیا جائے

لاپتہ افراد سے اظہار یکجہتی کیلئے سیاسی کارکن عیدالفطر انتہائی سادگی سے منائیں، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ملک میں انسانی حقوق کا مسئلہ سنگین ترین صورتحال اختیار کرتا جا رہا ہے ریاستی اداروں کی جانب سے جبری طور پر لاپتہ افراد کے تعداد میں اضافہ تشویش کا باعث بنا جا رہا ہے نیشنل پارٹی مجید بلوچ خواہ کے سابق سوبائی جنرل سیکرٹری رکن مرکزی کمیٹی اور میں فلک کو 13 نومبر کو اسلام آباد سے پنجاب جاتے ہوئے ریاستی اداروں نے جبری طور تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

اوتھل: جان نثاران گذانی کے زیر اہتمام لسبیلہ چیمبر آف کامرس کی جانب سے سوالی گوٹھ میں راشن تقسیم کیا جا رہا ہے

اٹھائیس مئی کا دن بلوچستان کی تاریخ کا ہولناک ترین دن ہے، بی ایس او آزاد

ان ایٹمی دھماکوں کے مضر اثرات سے آج بھی چاغی کے عوام شدید متاثر ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن آزاد کے مرکزی ترجمان نے اٹھائیس مئی یوم سیاہ کی مناسبت سے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ اٹھائیس مئی کا دن بلوچستان کی تاریخ کا ہولناک ترین دن ہے۔ اس دن ریاست نے جزور طاقت چاغی کے علاقے راسکوہ کے مقام پر پانچ ایٹمی دھماکے کئے۔ ان ایٹمی دھماکوں کے مضر اثرات سے آج بھی چاغی کے عوام شدید متاثر ہے۔ چاغی بنیادی طور پر تمام تر سہولتوں سے محروم علاقہ ہے جہاں نہ پانی بجلی اور گیس دستیاب ہیں اور نہ ہی صحت اور تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

لاک ڈاؤن متاثرین اور ان کے بچوں کیلئے عید پیکج کا اعلان کرے، مولانا عبدالرحمن رفیق

اکثر بچوں کے پاس عید کے کپڑے اور جوتے تک نہیں بدقسمتی سے حکومت نے کوئی ایسی پالیسی نہیں کی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ایوب ایوبی مفتی عبدالغفور مدنی حافظ مسعود احمد حافظ سراج الدین حاجی ولی محمد بزنجو ظفر اللہ کاکڑ میر سرفراز شاہوانی سالار حافظ مجیب الرحمن خلیل میر فاروق لاکھو چوہدری محمد عاطف مولانا جمال الدین حقانی حافظ خلیل احمد سارنگزئی مفتی ایک تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر

کاہل میں میٹرنٹی ہوم اور تنگر بار کے لخڑش واقعہ جس میں خواتین اور بچوں کو نشانہ بنایا گیا، عبدالستار رشاد چشتی

امارت اسلامی افغانستان نے انیس سالہ جہادی دور میں کبھی بچے نہ عورتوں کو قتل کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار رشاد چشتی، مولوی رحمت اللہ حقانی، نیاز کاکڑ صالح محمد محمد راشد نے کاہل اور تنگر بار کے لخڑش واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کاہل میں میٹرنٹی ہوم اور تنگر بار کے لخڑش واقعہ جس میں خواتین اور بچوں کو نشانہ بنایا گیا ان واقعات سے امارت اسلامی افغانستان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کے جانب برملا لاتعلقی کے باوجود ایسے واقعات کو اسلامی تحریک تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

سردار اختر جان مینگل نے اپنی رہائشگاہ کو اسکول میں تبدیل کر دیا

خضدار (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اور کن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے اپنی رہائشگاہ کو اسکول میں تبدیل کر دیا، پرائمری کے بچوں کی کلاس منعقد کی اور خود جائزہ لیا، تعلیمات کے مطابق بی این پی کے سربراہ اور کن قومی اسمبلی نے ہفتہ کو اپنی گھر کی میں شاہنوری پرائمری تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

یوم علی کے موقع پر جلوس نکالنے والے مومنین کے خلاف درج ایف آئی آر فوری واپس لی جائے

بصورت دیگر قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے احتجاج پر مجبور ہونگے، سید آغا رضا

کوئٹہ (این این آئی) مجلس وحدت المسلمین کے رہنما و سابق صوبائی وزیر سید آغا رضا نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ یوم علی کے موقع پر جلوس نکالنے والے مومنین کے خلاف درج ایف آئی آر فوری واپس لی جائے بصورت دیگر قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے احتجاج پر مجبور تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

ریسکیو سرانان میں ڈاکٹر کا رویہ عوام کے ساتھ مایوس کن ہے، عوامی حلقے

ڈاکٹر عمران کا فوری تبادلہ کر کے سیک مخلص اور خدمتگار ڈاکٹر کو تعینات کیا جائیں

سرانان (آن لائن) ریسکیو سرانان میں ڈاکٹر کا رویہ عوام کے ساتھ مایوس کن ہے ڈاکٹر عمران کا فوری تبادلہ کر کے سیک مخلص اور خدمتگار ڈاکٹر کو تعینات کیا جائیں یہ بات سرانان کے عوامی حلقوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ریسکیو سرانان مکس ایل ایچ ڈی عوام کی سہولیات کے لئے ہیں۔

آوارہ کتے سیکرٹری مواصلات نورالامین مینگل آوارہ کتے تعمیر تیج زیر تعمیر روڈ کا تعمیراتی معیار چیک کر رہے ہیں

جان نثاران گذانی" کی ٹیم خراج تحسین کے مستحق ہے، سلیم انگاریہ، الٰہی بخش

پوری ٹیم وبا کے دور میں رنگ و نسل سے بالاتر ہو کر اپنے لوگوں کی خدمت میں مصروف عمل ہے

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ چیمبر آف کامرس کی جانب سے "جان نثاران گذانی" کے زیر اہتمام سوالی گوٹھ کے علاقے صوالی گوٹھ کے کرونا وائرس کے سبب لاک ڈاؤن متاثرین میں راشن تقسیم کیا گیا۔ یاد رہے کہ اس علاقے میں کسی فلاحی تنظیم اور حکومت کی جانب سے کوئی گرانٹ نہیں دی گئی تھی "جان نثاران گذانی" کے نوجوان اس مصیبت کی گھڑی میں اپنی دکھی عوام کی خدمت کے لئے میدان میں آگئی اور مستحق افراد میں راشن تقسیم کیا گیا۔ اس موقعے پر لوگوں نے کہا کہ "جان نثاران گذانی" کی ٹیم خراج تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر

شہید میر شیر احمد بنگلزئی پر حملے سے حکومت کی جانب سے امن امان کے دعوؤں کا پول کھل گیا ہے

موجودہ حکومت قبائلی رہنماؤں سمیت غریب عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکامی سے دوچار ہیں، عبدالفتاح بنگلزئی

بولان (این این آئی) اعلاء کلمۃ الحق بولان بنگلزئی قبائل کے رہنما اس عبدالفتاح بنگلزئی، ملک خدا بخش بنگلزئی سیاسی جماعتوں پاکستان تحریک انصاف ضلع بولان کے صدر میر شادی خان بنگلزئی، جوائنٹ سیکرٹری عبدالحق گولہ، اعلاء پریس کلب کے صدر محمد عارف بنگلزئی، بلوچستان عوامی پارٹی بولان کے سرگرم رہنما عبدالوحید بنگلزئی، بی این پی تحصیل ڈھاڈر کے سابق صدر نصیر احمد تفصیل نمبر 61 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر برائے ایکسائز ملک نعیم خان بازئی، حاجی رشید، ملک آصف کاکڑ، بلال کاسی و دیگر اندڑ آباد کلی کتیر کچلاک میں سڑک کے افتتاح کے موقع پر عوام سے خطاب کر رہے ہیں

گندم خریداری قیمت مقرر نہ ہو سکی، بلوچستان میں آٹے کے بحران کا خدشہ

کاشتکار پاسکو اور محکمہ خوراک کے بجائے اوپن مارکیٹ میں گندم فروخت کرنے لگے، بلوچستان میں آٹے کا بحران پیدا ہونے کا خدشہ

وفاق اور بلوچستان حکومت نے گندم کی خریداری کے لیے فی من ساڑھے 13 سو روپے مقرر کی ہے

ہرنائی: ڈپٹی کمشنر عظیم جان کی ہدایت پر خوالدار نصیب خان کی زیر نگرانی شین غر کے مستحقین میں راشن تقسیم کیا جا رہا ہے

ایرہ اللہ یار (این این آئی) وفاق اور بلوچستان حکومت گندم خریداری کے لیے مناسب قیمت مقرر نہ کر سکے کاشتکار پاسکو اور محکمہ خوراک کے بجائے اوپن مارکیٹ میں گندم فروخت کرنے لگے ہیں بلوچستان میں آٹے کا بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے جعفر آباد اور نصیر آباد اضلاع کے 8 لاکھ کماڈ ایریا میں رواں سال گندم کی بمپر فصل تیار ہو کر مارکیٹ میں آگئی ہے وفاق اور بلوچستان حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری کے لیے مناسب قیمت مقرر نہیں کیا گیا وفاق اور بلوچستان حکومت نے گندم کی خریداری کے لیے فی من ساڑھے 13 سو روپے مقرر کی ہے جبکہ اوپن مارکیٹ میں گندم کافی تفصیل نمبر 37 صفحہ 3 پر

ایس ایچ او سٹی کا کامیاب کاروائی اغوا کے کیس میں روپوش اشتہاری گرفتار

خضدار (نامہ نگار) خضدار ایس ایس پی وجل سید خان آفریدی کی خصوصی ہدایت ڈی ایس پی سٹی وجل احمد کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی وجنیر عالم بلوچ و دیگر اہلکاروں نے اغوا کے کیس روپوش اشتہاری ملزم نبال خان کو زیدی ایریا سے گرفتار کر لیا جس نے مختلف مقامات پے کاروائی کر تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر سبت پور کی چند دن پہلے ایک نجیر پر تشدد کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، میر فتح علی خان کھوسہ

خیرپور (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی سبت پور کے ضلعی صدر میر فتح علی خان کھوسہ اور سیاسی و سماجی رہنما نجیف مقدم میر حیدر علی خان کھوسہ نے کہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر سبت پور کی چند دن پہلے ایک نجیر پر تشدد کی بھرپور مذمت کرتے تفصیل نمبر 56 صفحہ 3 پر

اتحادیں کسی ملک و قوم کے روشن مستقبل کے لیئے کیئے جاتے ہیں، مولانا شاہ محمد

صوبائی وزیر داخلہ منتخب ہونے کے بعد سب وعدے بھول گئے عوام کو صرف خالی تسلیوں پر رکھا گیا ہیں

قلات (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ان کے ضلعی امیر مولانا شاہ محمد ضلعی نائب امیر حافظ عبدالرشید ضلعی کنوینر قاری رحمت اللہ محمد علی بلوچ آغا حبیب شاہ حاجی محمد رحیم لیاری مولوی عبدالسلام بلوچ اسرار اللہ ساسولی فضل اللہ عمرانی قاری غلام صادق اور دیگر نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اتحادیں کسی ملک و قوم کے روشن مستقبل کے لیئے کیئے جاتے ہیں تاکہ ملک یا شہر کے مسائل حل کیئے جا سکیں ہمارے ہاں اتحاد و اتفاق سے لوگ اپنے ذاتی مفادات اور کرسی حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔

مسلم لیگ (ن) قلات کے صدر میر شیر محمد بنگلزئی کی شہادت پر افسوس کا اظہار

مستونگ (نامہ نگار) براہوی اکیڈمی مستونگ براہوی کے صدر حنیف عاقل شاہوانی، نائب صدر اکبر کریم محمد شمبی، جنرل سیکرٹری مقبول گل محمد شمبی، آرگنائزر بہارشہ امیر لہری، پریس سیکرٹری اختیار قادری، آفس سیکرٹری عمر عادل براہوی براہوی مستونگ کے صدر محمد اسلم بنگلزئی اور دیگر رہنماؤں نے مسلم لیگ (ن) قلات کے صدر میر شیر محمد بنگلزئی کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم کی شہادت ایک عظیم صدمہ ہے اللہ رحمت تفصیل نمبر 64 صفحہ 3 پر

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، نظر زدران

محرری، انتظاری اور تراویح کے اوقات میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ختم کر کے بلا تعطل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سینئر رہنما نظر زدران نے صوبائی حکومت اور کیسکو چیف سے مطالبہ کیا ہے کہ محرری، انتظاری اور تراویح کے اوقات میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ختم کر کے بلا تعطل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ معمولات زندگی متاثر نہ ہوں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں نظر زدران نے کہا کہ کل کل محمد بجلی زدران بجلی غلام جان شاہی تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

میر شیر احمد بنگلزئی شہید کی پارٹی اور بلوچستان کے عوام کیلئے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، سردار اللہ داد بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سینئر نائب صدر سردار اللہ داد بزنجو نے پارٹی کے صوبائی وابستہ قبائلی رہنما میر شیر احمد بنگلزئی کی شہادت پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی فیملی سے ہمدردی اور تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

میونسپل کمیٹی گنداوا و تعمیر شدہ دکانوں کی قرعہ اندازی کے لیے فارم وصولی کا سلسلہ شروع ہو گیا

گنداوا (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی گنداوا و تعمیر شدہ دکانوں کی قرعہ اندازی کے لیے فارم وصولی کا سلسلہ شروع ہو گیا، میونسپل کمیٹی گنداوا کے تحت تعمیر چالیس دکانوں کو زیر قرعہ اندازی لائٹ کیا جائے گا۔ ایم سی آفس کے باہر وائٹ بورڈ پر علی لاشاری عوام الناس سے ایم سی دکانیں کرائے قرعہ اندازی کے حوالے سے فارم وصول کرنے میں تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

ہزارہ قوم یوم قدس کے نام پر ایک بڑی دہشت گردانہ سازش کا شکار ہو چکی ہے، ایچ ڈی پی

2010 میں جلوس نکالنے کے دوران سینکڑوں نوجوان چند منٹ پرستوں کی وجہ سے اپنے قیمتی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں کوئٹہ کے شہریوں بالخصوص ہزارہ قوم سے یوم القدس کے نام پر مذہبی انتہا پسندی کو ہوا دینے والے ہر قسم کی تقریبات کے بائیکاٹ اور ان میں عدم شرکت کی توقع کرتے ہوئے کہا گیا کہ اس طرح کی تقریبات، جلسے اور جلوسوں کے انعقاد کا مقصد یہاں کے شہریوں اور عوام کو تقسیم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اور ایک سازش کے تحت مذہبی اقلیت کو ہوا دیکر نوجوان نسل کو انتہا پسند بنانے کی طرف راغب کیا جاتا ہے بیان میں کہا گیا کہ ہزارہ قوم یوم قدس کے نام پر ایک بڑی دہشت گردانہ سازش کا شکار ہو چکی ہے 2010 میں جلوس نکالنے کے دوران سینکڑوں نوجوان چند منٹ پرستوں کی وجہ سے اپنے قیمتی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں جبکہ درجنوں خاندان تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

آزمائش کی گھڑی میں کسی کے ساتھ تعاون کرنے سے خالق کائنات راضی ہوتا ہے، میر اشرف علی مینگل

مشکل کی اس گھڑی میں سہارا بننے کے لئے روشنائی ٹیم فیروز آباد پہنچ گئی

خضدار (نامہ نگار) سماجی تنظیم روشنائی سوشل آرگنائزیشن فیروز آباد میں گزشتہ دنوں جل کر خاکستر ہونے والے جھگیوں کے مالکان محمد پناہ اور رحمت اللہ سالانی کی مدد کے لئے گل کھلائی فیروز آباد پہنچ گئی۔ جہاں انہوں نے متاثرہ خاندان کو چٹائی، رضائی، کمبل، برتن، اشیائے خورد و نوش اور نقد رقم فراہم کی۔ اس موقع پر روشنائی ٹیم میں مرکزی چیئرمین میر اشرف علی مینگل سینئر وائس چیئرمین تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر

سندھ اور بلوچستان کی ضلعی انتظامیہ اور محکمہ آبپاشی کے عملے نے کسی قسم کے اقدامات نہیں اٹھائے

خیرپور (نامہ نگار) سب تحصیل پنہور سعیدی کے قریب سندھ بلوچستان کی سرحدی پٹی آرڈی 52 پھال کے مقام پر پنہور سعیدی اور ماجھی پور سمیت سندھ کے مختلف علاقوں کو ملانے والی پل محکمہ آبپاشی اور ضلعی انتظامیہ کی عدم دلچسپی تفصیل نمبر 62 صفحہ 3 پر

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ